فہرست مطالب

اردو مقالات

مولانا محمد علی جوہر کی ملّی خدمات / مسز زریں۔ الیس ریاض ۵

ذکر ایران وعجم غالب کی فارسی شاعری کا اہم پہلو / ڈاکٹر نجم الرشید..................۳۱

مسعود سعد سلمان شاعرِ زندان / ڈاکٹر محمد ناصر...۳۹

تقوی - معیارِ تکریم وفضیلت۔۔ تحقیقی بحث / ڈاکٹر نسیم سحر صد.............................۶۳

فارسی مقالات

بررسی کوتاه شرح حال و سروده های مختاری غزنوی/ دکتر محمد سلیم مظہر...........۸۹

نمادی از ادبیات متعهد / دکتر قاسم صافی...۹۹

متناقض نمایی در شعر فروغ فرخزاد / دکتر محمد صابر.....................................۱۱۱

عربی مقالہ

مفهوم الثقافة وتطورها في المجتمع الانساني/ الدکتور مقیت جاوید بھٹی......۱۲۳

پنجابی مقالہ

حضرت بابا فرید...... ملامتی وی/ ڈاکٹر نوید شہزاد ۱۴۷

انگریزی مقالہ

● MUSLIM SCHOLARS' RESPONSE TO DARWINIAN THEORY / Dr. Sultan Shah

03

Majallah-e-Tahqiq
Research Journal of
the Faculty of Oriental Learning
Vol: 30, Sr.No.77, 2009, pp 05 - 30

مجلّہ تحقیق
مجلۂ کلیۂ علوم شرقیہ
جلد ۳۰، شمارہ ۷۷، اکتوبر۔دسمبر ۲۰۰۹ء

مولانا محمد علی جوہر کی ملّی خدمات

مسز زریں۔ ایس ریاض ☆

Abstract:

The bright glittering stars in a galaxy can be seen vividly by any naked eye yet cannot be counted by the help of sophiseated telescope.

Likewise it is difficult to enumerate the innumerable and multifarious service rendered by Maulana Muhammad Ali Jouhar in religious, national, political and legal spheres. His dedication and sincerity to his goals in every sphere made him a beacon. His commitment to his mission in every field was always above board. His sincerity and attachment to his mission is clearly reflected by his frank statement; "Where God commands I am a Muslim first, a Muslim second and a Muslim last and nothing but a Muslim. But where India is concerned, I am an Indian first, an Indiansecond and an Indian last and nothing but an Indian".

The worldly gains or losses could never seduce of deter him. As journalist, he preferred the editorship of the 'Comrade' ever the offer of the post of Chief Minister. The Might of the British rule could not deter him from publishing the famous article, 'The Choice of the Turks' in the 'Comrade' in 1914. The forfeiture of the security of his press and his confinement could not drift him from his mission. As a politician he ruled the hearts of the masses. For the first time in India, lacs of people left their country at the bidding of their leader.

His achievements were mainly because of his sincerity, determination, honesty and messionery zeal. His deeds will always be written in golden words and remembered with pride.

☆ شعبہ علوم اسلامیہ، سرگودھا یونیورسٹی، سرگودھا۔

محمد علی جوہؔر کی دلچسپ اور پر وقار شخصیت ایک ایسی با کمال شخصیت ہے کہ جسے پڑھنے کے بعد میں نے یوں محسوس کیا کہ جیسے یہ وہی شخصیت ہے جس نے قوم اور ملک کے لیے سب سے زیادہ قربانی دی۔ ہر لیڈر کی خدمات اگرچہ گراں قدر ہوتی ہیں مگر ان کی نوعیت سب سے الگ تھی۔ ان کی سرگرم عمل شخصیت کا تجزیہ کرنا کوئی آسان کام نہیں۔

مولانا محمد علی جوہؔر کا نام لیتے ہوئے ہمارے ذہن میں ایک توان کی ظاہری تصویر ابھرتی ہے ۔ سیاہ داڑھی، رومی ٹوپی اور رومی ٹوپی پر چمکتا ہوا چاندستارا، جو ایک نمایاں تحریک کی نشاندہی کرتا تھا تحریک دم توڑگئی مگر یہ چاند ستارا محمد علی جوہؔر کی مستقل مزاجی اور وضع داری کا نشان بن کر ہمیشہ چمکتا رہا۔ اس چاند ستارے سے بھی زیادہ روشن اور کشادہ پیشانی ان کی ذہانت کی گواہ تھی۔ اور ایک ان کی معنوی تصویر ہے جس میں وہ کبھی کھدر میں ملبوس نظر آتے ہیں اور کبھی بھرے جلسہ کو رلاتے رلاتے ہنسا دیتے ہیں اور کبھی جیل کی چار دیواری کے پیچھے حمد و ثنا میں مصروف نظر آتے ہیں ان کی شان نرالی اور کام انوکھے تھے۔ ان کے عمل کی شدت اور تیزی کو کوئی طوفان متزلزل نہ کر سکا۔ جیل کی سلاخیں سدّ راہ نہ ہوسکیں اور دشمنوں کی تنقید ان کے بڑھتے ہوئے پاؤں نہ روک سکی۔

بلا شبہ ان کی زندگی ایک مومن اور مجاہد کی زندگی تھی کہیں وہ ملک کے نام پر دشمنوں سے الجھتے نظر آئے۔ کہیں قوم کے حق میں دیگر افراد سے برسرِ پیکار رہے۔ اور کہیں اسلام کے نام پر جان کی قربانی دینے کے جذبے سے سرشار نظر آئے۔ ان کی پوری زندگی مردِ مومن کی زندگی تھی جس کے متعلق اقبال نے فرمایا:

ہاتھ ہے اللہ کا بندۂ مومن کا ہاتھ
غالب و کار آفریں کار کشا کارساز

نرم دمِ گفتگو گرم دمِ جستجو
بزم ہو، رزم ہو پاک دل و پاک باز ؎

ملّی خدمات

محمد علی جوہر اور ان کی سیاست قوم و ملک کی خدمت سے الگ حصہ یا الگ پہلو نہیں وہ قوم و ملت کی خدمت کرنا چاہتے تھے وہ خدمت تلوار سے ہو یا قلم سے زبان سے ہو یا جسم سے ہر حالت اور ہر گھڑی مستعد اور چاق و چوبند رہنے والے محمد علی سیاست کو بھی ملکی خدمت کا رنگ دیتے تھے۔ جو شخص ایسے حالات میں پرورش پائے جس کا مسلک ملی سیاست ہو جس کی نظر کے سامنے وطن کے حالات واضح کتاب کی مانند ہوں ملک و دین کا خادم اگر سیاست پر عمل پیرا نہ ہو تو یہ اس کے ساتھ زیادتی ہوتی اور محمد علی جیسی شخصیت پر یہ زیادتی روا نہ رکھی جا سکتی تھی۔

۱۸۵۷ء کے عالم آشوب غدر کے بعد ہندوستان کی حالت حد درجہ سقیم ہو گئی تھی ۔ غدر میں شریک ہندو اور مسلمان دونوں تھے دونوں اقوام نے حسب استعداد اس میں حصہ لیا غدر ختم ہوا تو حالات نا گفتہ بہ ہو گئے ۔ کایا پلٹ گئی جو حاکم تھے محکوم بن گئے۔ ہندوؤں کی ذہنیت نے پلٹا کھایا انہوں نے گورنمنٹ سے پورا تعاون کیا ۔ انگریزی تعلیم انہوں نے حاصل کی سرکاری اسامیوں پر انہوں نے سایۂ ھما سمجھا اس کے برعکس مسلمان حکومت سے برہم تھے ۔جنہوں نے تاریخ کے رخ بدل ڈالے تھے ایسے حالات میں سر سید نے علم اصلاح وتفسیر کی نئ روح پھونکی لوگوں میں نیا جوش و ولولہ پیدا کیا اور پھر مولانا محمد علی کا دور آیا تو انہوں نے اس قوم میں حریت و آزادی کی لہر دوڑا دی۔ وہ ہندوستان کو انگریزوں کے پنجہ سے رہائی دلانا چاہتے تھے۔ ان کے نزدیک ہندوستانی ہونا ہی بڑی بات تھی۔ ہندو مسلم کی تمیز نہ تھی۔ ان کا

دل حب ملی سے لبریز تھا۔ آزادی کے خواہاں تھے۔ مولانا محمد علی ملک و بیرونِ ملک میں خصوصاً اسلامی دنیا میں جو حالات رونما ہو رہے تھے اس سے بہت متأثر ہو رہے تھے اور انہوں نے اپنی علمی ادبی اور صحافتی زندگی کو وہ اہمیت نہیں دی جو انہوں نے حالات کے پیشِ نظر سیاست کی طرف اپنی پوری توجہ کو مبذول کر دیا۔

جنگ بلقان میں خدمات وطبی وفد

محمد علی کے کارنامے سیاست کے افق پر ستارے بن کر چمک رہے ہیں۔ ان میں سے اہم کارنامہ یہ ہے کہ انہوں نے ہندوستان سے ایک طبی وفد بلقان بھیجنے میں بڑی سرگرمی ظاہر کی تاکہ ہندوستان کے مسلمانوں کی علمی ہمدردی کا ثبوت مل سکے۔ جس وقت محمد علی نے یہ عزم کیا کہ ہندوستان سے ایک طبی وفد بھیجا جائے۔ اس وقت حالات نہایت ناساز گار تھے اور کامیابی کی کوئی صورت نظر نہیں آتی تھی۔ لیکن انہوں نے اپنی غیر معمولی اور بالکل منفرد قوتِ فیصلہ اور قوت عمل سے کام لے کر اس کا بیڑہ اٹھالیا اور دنیا نے حیرت سے دیکھا کہ اسے اتمام تک بھی پہنچایا۔

جنگِ عظیم

۱۹۱۳ء میں جب جنگ بلقان شروع ہوئی اس وقت ہندوستان کے مسلمانوں میں سخت ہیجان جوش اور حرکت کا ظہور عمل میں آیا۔ ملک کا وہ طبقہ جو گورنمنٹ سے تعاون کرتا تھا اس نے بھی اپنی وفاداری بالائے طاق رکھ دی اور اپنی ہمدردی کا اظہار ترکانِ آل عثمان کے ساتھ کرنا شروع کیا۔ لکھنو کے مشہور بیرسٹر ممتاز حسن نے امین آباد میں ایک نہایت پر جوش درد انگیز اور فصیح و بلیغ تقریر کی۔ صاحب ڈپٹی کمشنر بھی اس جلسے میں موجود تھے۔ وہ مسٹر ممتاز حسن

کی شعلہ نوائی سے بہت متحیر ہوئے اور اپنی حیرت کا اظہار کئے بغیر نہ رہ سکے لیکن مسٹر موصوف نے نہایت جرأت اور ہمت سے کہہ دیا کہ یہ ایسا مذہبی معاملہ ہے جس میں مسلمانوں سے کسی قسم کی کمزوری کی امید نہ رکھی جائے ۔ صاحب ڈپٹی کمشنر نے انہیں اطمینان دلایا کہ وہ مسلمانوں کے اس احساس سے ہمدردی رکھتے ہیں۔ ان حالات میں ڈاکٹر انصاری کی یہ خواہش ہوئی کہ وہ ہندوستان سے ایک طبی وفد لے جائیں اور مجروحین ومقتولین کی جو خدمت ان سے بن آئے کریں۔ ۲؎

محمد علی سے جب انہوں نے اپنی اس قابلِ صد ستائش عزم کا تذکرہ کیا تو انہوں نے بہت زبردست تائید کی اور آمادہ کیا کہ وہ اس کارِ خیر کو ضرور انجام دیں۔سب سے بڑی مشکل یہ تھی کہ سرمایہ ناپید تھا اور بغیر کافی سرمایہ کے یہ مہم اتمام تک نہیں پہنچ سکتی تھی۔ اس زمانے میں ترکانِ آلِ عثمان کی امداد و اعانت کے لئے ہندوستان کے ہر بڑے شہر میں ''ہلال احمر'' کے نام سے انجمنیں قائم ہوگئی تھیں جن کا مقصد سرمایہ جمع کرنا اور ترکوں کو پہنچانا تھا کیونکہ گورنمنٹ نے بھی مسلمانوں کے جوش وخروش کو دیکھ کر اس کی اجازت دے دی تھی کہ یہاں سے انہیں مالی امداد بھیجی جاسکے اور آسانیاں بھی پیدا کر دی تھیں کہ اس راہ میں مشکلات جو آئیں ان میں کسی نہ کسی حد تک سہولت ہو۔ چنانچہ محمد علی نے یہ معاملہ دہلی کی انجمن ہلال احمر کے سامنے پیش کیا ۔ مسئلہ کی اہمیت اور نزاکت سمجھائی۔ وفد کی ضرورت اور اہمیت کی طرف اس کے ممبروں کی توجہ مبذول کرائی نتیجہ یہ ہوا کہ انجمن نے پندرہ ہزار کی رقم منظور کی اور اس کے انتظامات کرنے کا وعدہ کیا کہ وہ رقم اس وفد پر صرف کی جائے گی اور وفد بھیجا جائے گا۔لیکن یہ وعدہ شرمندۂ تعبیر نہ ہوا تھا کہ انجمن نے اپنی رائے بدل دی اور براہِ راست ترکوں کو بھیجنے کے انتظامات کرنے لگے۔ محمد علی نے ہر چند سمجھایا مگر بے سود۔ میر محفوظ علی صاحب اپنا مشاہدہ بیان فرماتے ہیں کہ

محمد علی نے جلسہ ہی میں مجھ سے پوچھا ہمارے پاس کتنی رقم ہے انصاری! میں نے طے کر لیا ہے کہ ان شاء اللہ مشن جائے گا اور ضرور جائے گا۔ میرے پاس دس (۱۰) روپے بھی ہوتے جب بھی میں ہمت نہ ہارتا۔تم اللہ کا نام لے کر انتظام کرو اور رقم کی فراہمی میرے ذمے'' [۳]

اسی رات کو اپنے حدمت گار محمد حسین سے کہا '' جا کر میرے کمرے میں لیمپ جلا دے'' کمرے میں جا کر کامریڈ کے لئے مضمون لکھا جس میں مسلمانوں سے بھی مشن کے لئے چندہ کی وہ دل جلا دینے والی اپیل کی جس نے کامریڈ کے دفتر میں روپوں کی بارش کر دی۔ کامریڈ کے فائل گواہ ہیں کہ ایک ایک دن میں دس دس پندرہ پندرہ ہزار روپے وصول ہوئے ۔ اس طرح محمد علی نے اپنے کام کو اتمام تک پہنچا کر دم لیا۔صبر و مستقل مزاجی سے کام لیا اور آخر کامیابی حاصل کی۔

۱۹۱۲ء میں جب دُوَل یورپ نے ترکی کو مالی دقتوں اور پریشانیوں میں مبتلا کر کے اس کی کوشش کی تھی کہ وہ ایک ذلت آمیز صلح پر مجبور ہو جائے تو محمد علی نے اپنی پوری کوشش اس امر پر صرف کر دی کہ گورنمنٹ اس کی اجازت دے دے کہ ترکوں کی مالی امداد کی جا سکے اور جب اس میں کامیابی ہو گئی تو محمد علی نے ہندوستان کے بڑے بڑے شہروں کا دورہ کیا اور لوگوں کو اس پر آمادہ کیا کہ وہ ترکی تمسکات کے حصص خریدیں اور اس مقصد عظیم میں انہیں بڑی حد تک کامیابی بھی ہوئی۔ ترکوں کی ایک جماعت نے ان مظالم کے خلاف ایک اپیل کی تھی '' مقدونیہ آؤ اور ہماری مدد کرو'' محمد علی نے اس کو اپنے اخبار میں بالا قساط شائع کیا جس کے سبب وہ تمام پرچے ضبط کر لئے گئے اور بالآخر دو ہزار روپے کی ضمانت پر آزادی ملی [۴]

کامریڈ کا اجراء

ملازمت سے تو مولانا محمد علی کا جی اچاٹ ہو ہی گیا تھا۔ اب ان کا ارادہ ایک اخبار کے اجراء کا تھا۔ چنانچہ ۱۹۱۰ء میں انہوں نے طے کر لیا کہ وہ کلکتہ سے اخبار نکالیں گے۔ اگرچہ

بعد ازاں ان کو بڑے بڑے عہدے پیش کئے گئے مثلاً سر مائیکل ایڈوائر کے ذریعے سے نواب صاحب جاورہ نے محمد علی کو وزارت پیش کرنی چاہی۔ دوسری طرف بیگم صاحبہ بھوپال نے بھی انہیں اپنی ریاست میں چیف سیکرٹری کا عہدہ دینا چاہا مگر وہ طے کر چکے تھے کہ ملازمت نہیں کریں گے انہوں نے ان دونوں عہدوں سے انکار کر دیا اور کامریڈ کے اجراء کا انتظام کرنے لگے۔

''سچ'' کے محترم ایڈیٹر نے باکل سچ فرمایا'' کامریڈ کے ایڈیٹر کے لئے دینوی ترقی کے بہتر سے بہتر مواقع موجود تھے۔ ہندوستان کا ذکر نہیں انگلستانی صحافت میں بلند سے بلند کرسئ ادارت اس کے لئے خالی تھی۔ مناصب سرکاری میں بڑی سے بڑی رفعت اس کے لئے چشم براہ تھی۔ عزت و ثروت، اقتدار و وجاہت کے اصنام کبیرہ نے قدم قدم پر اسے لبھایا لیکن اس کشتۂ عشق نے ماسوا کی جانب نظر اٹھانا بھی گناہ سمجھا اور سارے راستے چھوڑ کر صرف ایک کا ہو رہا'' ۵ بڑی آرزوؤں اور تمناؤں بڑی کوششوں اور صبر آزمائیوں کے بعد بالآخر کامریڈ کلکتہ کے افق صحافت پر نمودار ہوا۔ ہاتھ بے تاب ہو کر بڑھے کہ کامریڈ کو حاصل کریں نظریں بے تا ب ہو گئیں کہ کامریڈ کے'' جنت نگاہ'' صفحات سے لطفِ دید حاصل کریں اور لوگوں نے دوڑ دوڑ کر کامریڈ کو لینا چاہا کہ کہیں ادب و سیاست کے اس متاع گراں سے محروم نہ رہ جائیں حکومت ہند کا کوئی محکمہ ایسا نہ تھا جس کے عمال نے ممبر اور سیکرٹری سے لے کر انڈر سیکرٹری تک کامریڈ نہ منگایا ہو۔ ٦ یہی حال صوبہ کے حکمرانوں اور ان کے مشیروں کا تھا۔

مسٹر میکڈ انلڈ کی قدر دانی

اسلنگٹن کمیشن جب ہندوستان آیا۔ تو مسٹر میکڈ انلڈ وزیر اعظم برطانیہ جو اس وقت پارلیمنٹ کے ممبر تھے ہندوستان تشریف لائے۔ لکھنو میں انہوں نے محمد علی سے ملاقات کی۔ ملاقات کے وقت اس کا بہ مسرت ذکر کیا تھا کہ وہ کامریڈ کو بالالتزام پڑھتے تھے۔ اسی

طرح اور بہت سے انگریز انشاپردازوں نے کامریڈ کو بہت سراہا اور اس کے حسن انشاء' اصابت رائے اور غیر معمولی مہارت زبان کا اعتراف کیا۔

غرض اس محیر العقول اور شاندار انداز میں کامریڈ چلتا رہا اور ملک اس کی قدر افزائی کرتا رہا تا آنکہ پریس ایکٹ کے منحوس ہاتھوں بند ہوگیا۔ ۷

کامریڈ کا دوبارہ اجراء

بیجا پور جیل سے رہائی کے بعد ایک سال گزرنے پر اکتوبر ۱۹۲۴ء میں محمد علی نے اپنی صدارت کانگریس کے دوران دوبارہ کامریڈ نکالا لیکن اب ملک کی سیاست میں اتنا تغیر ہو چکا تھا۔ ان کے مشاغل میں اتنا اضافہ ہو چکا تھا اور ان کی ذمہ داریاں اس قدر بڑھ چکی تھیں۔ نیز راجہ غلام حسین اور ولایت علی بنبوق جیسے یگانۂ روزگار رفقاء سے وہ محروم ہو گئے تھے کہ کامریڈ جیسا نکلنا چاہیے تھا ویسا نہیں نکال سکے اور اس کا خود انہیں بھی سخت احساس تھا لیکن عالم یہ تھا کہ وہ تنہا کامریڈ کا بار اٹھائے ہوئے تھے اپنے طور پر وہ بہت کوشش کرتے تھے کہ اس کی شان برقرار رہے اس میں تنوع پیدا کیا جائے اور وقت پر نکل سکے۔ لیکن انصاف شرط ہے۔ جو شخص مسلسل بیمار بھی رہتا ہو۔ یونٹی کانفرنس میں بھی شریک ہوتا ہو۔ ہندو مسلم فسادات کے موقع پر محل و ارادت پر بھی جسے پہنچنا پڑتا ہو۔ کانگریس کے جلسوں میں بھی جسے شرکت کرنا پڑتی ہو، نظام خلافت کے استحکام کی ذمہ داریاں بھی جس پر ہوں۔ غرض ہر قومی اور ملکی معاملہ میں اسے پیش پیش رہنا پڑتا ہو اور ہندوستان کا دورہ کرنا پڑتا ہو اور پھر سب سے بڑھ کر یہ کہ 'Sub Aditer' نہ ملتا ہوتو اس سے یہ توقع غلط تھی کہ وہ سابقہ معیار پر کامریڈ نکالے۔ ۸ پھر بھی محمد علی اپنی طرف سے کبھی غافل نہیں ہوئے۔ کسی جلسہ کی صدارت کے لئے کسی مسئلہ کے حل کرنے کے لئے، کسی قضیہ کے تصفیہ کے لئے محمد علی باہر گئے۔ بلکہ جانا پڑا۔ کامریڈ کی تاریخ اشاعت قریب آگئی تو انہوں نے رات کی نیند حرام کردی۔ دن بھر جلسے میں تھکے ماندے آتے۔ رات بھر کامریڈ'' لیڈنگ آرٹیکل (Leading Artical) لکھتے۔ بہرحال انہوں نے

اس اخبار کے لئے انتھک محنت کی۔

بلگام کانگریس کے موقع پر یہاں تک ہوا کہ برصرفِ زرکثیر اپنی ناداری وافلاس کے باوجود تار پر پورا مضمون بھجوایا۔ کچھ تار بابو کی غیر معمولی انگریزیت نے اور کچھ بعض اور حضرات کی کرم فرمائیوں نے دفتر ہی میں مضمون مسخ کر دیا۔ اب کامریڈ میں جو مضمون شائع ہوتا ہے اس میں اور تو سب کچھ ہے مگر وہی نہیں جو محمد علی نے لکھا تھا۔

محمد علی کی بی اماں سے غیر معمولی محبت تھی اس کا ہر شخص کو علم تھا لیکن احساس فرض کا یہ نادر نمونہ ملاحظہ ہو کہ ان کا انتقال ہوا لوگ تعزیت اور شرکتِ جنازہ کے لئے آرہے ہیں تجہیز وتکفین کا سامان ہو رہا ہے لیکن محمد علی ہیں کہ ایک گوشہ میں رو بھی رہے ہیں اور کامریڈ کے پروف کی تصحیح بھی کر رہے ہیں۔

التواء

بالآخر ان نا سازگار حالات سے مجبور ہو کر محمد علی نے کامریڈ کی اشاعت اس امید پر ۱۹۲۶ء میں ملتوی کر دی کہ جب تک کوئی قابل اور مستعد سب ایڈیٹر نہیں ملے گا وہ کامریڈ کے اجراء کا خیال بھی دل میں نہ لائیں گے۔

ہمدرد

محمد علی نے کامریڈ کا اجراء کلکتہ سے کیا تھا اس لیے کہ وہ چاہتے تھے کہ اپنا اخبار حکومت ہند کے دار السلطنت اور مرکز سے نکالیں لیکن جب حکومت نے اپنا مرکز تبدیل کر لیا اور کلکتہ سے دہلی آگئی تو محمد علی نے بھی حکومت کا تعاقب کیا اور دہلی پہنچ گئے اور یہاں آکر انہوں نے ہمدرد کے اجراء کے انتظامات بھی کامریڈ کے ساتھ شروع کر دیے۔

سب سے بڑی دقت یہ تھی کہ بیروت سے جو انہوں نے ٹائپ رائٹر منگوایا تھا وہ پورا نہیں تھا اور جب تک وہ مکمل نہ ہو جاتا اس وقت تک ہمدرد کا نکالنا مشکل تھا۔ یہاں یہ امر قابلِ

ذکر ہے کہ ہمدرد ہندوستان میں پہلا اردو اخبار تھا جو ٹائپ پر چھپا۔حکیم اجمل خان نے اس سلسلہ میں یہ رائے دی کہ جب تک پورا اخبار نہ نکل سکے ایک دو صفحے ہی نکلال دیجئے اس سے آمدنی بھی ہوگی اور پبلک کی خدمت بھی۔محمد علی نے اس رائے کو پسند کیا اور ہمدرد کا وہ سلسلہ خاص ۲۳ فروری ۱۹۱۳ء سے جاری ہوا جسے عام طور پر ''نقیب ہمدرد'' کہتے ہیں۔محمد علی کو شخصیت شناسی میں بھی ملکۂ تام حاصل تھا۔ ہمدرد کے اسٹاف میں چن چن کر انھوں نے ایسے آدمی رکھے جو محمد علی کی تربیت کی بدولت مختلف حیثیات سے روشناس خلق ہوئے ۔ ہمدرد کے عملہ کا ایک ایک فرد اپنے وقت کا ایک بہت بڑا ادیب اور صحافی ہوا۔ مثلاً سید ہاشمی، قاضی عبدالغفار، سید جالب، مولوی عبدالحلیم شرر اور فاروق صاحب دیوانہ سب ہی ہمدرد کے دفتر میں موجود تھے۔

محمد علی کا نظریہ صحافت اور صحافت کا بلند معیار

ہمدرد کے ذکر کے سلسلہ میں نا مناسب نہ ہوگا کہ محمد علی کا وہ نظریۂ صحافت پیش کر دیا جائے جس پر عمل پیرا ہو کر ہمدرد نے ہندوستانی صحافت میں اپنے غیر فانی نقوش قائم کئے ہیں یہ وہ زمانہ تھا جب کہ محمد علی بڑودہ میں برسرِ ملازمت ہیں۔ انشا پردازی اور مضمون نگاری کا جب جوش اٹھتا ہے تو ٹائمز آف انڈیا بمبئی میں اپنے قلم کی روانی دکھاتے ہیں اور اس کے ایڈیٹر سے خراج تحسین حاصل کرتے ہیں۔ خود ان کے دل میں بھی اس میدان میں آنے کی تمنا پرورش پا رہی تھی اور ملازمت کے جنجال سے جلد از جلد رہائی چاہتے ہوئے کہتے ہیں

جانتا ہوں ثواب طاعت و زہد پر طبیعت ادھر نہیں آتی ۹

اسی زمانہ میں گجرات سے ان کے ایک شناسا نظام الدین صاحب نے ایک اخبار نکالنا چاہا اور محمد علی سے مشورہ طلب کیا۔ محمد علی نے مشورہ کی صورت میں صحافت کے یہ زریں اصول ان کی خدمت میں پیش کئے۔۱۰

۱۔ ذاتیات سے بالکل مبرّا ہو نہ کسی دشمن کے خلاف کچھ لکھا جائے نہ خواہ مخواہ

دوستوں کی تعریف کے قصیدے گائے جائیں ۔

۲۔ کسی شخص یا اخبار کی رائے کے خلاف کچھ لکھنا ہو تو مخالفت محض رائے تک ہو۔

۳۔ جو کچھ لکھا جائے عبارت آرائی کے خیال سے نہیں نہ لوگوں سے چٹکیاں لینے کی غرض سے بلکہ متانت اور سنجیدگی سے۔

۴۔ جہاں تک ممکن ہو وہی خبریں چھاپی جائیں جو انگریزی ڈیلی چھاپتے ہیں اگر اس سے زیادہ کوئی لوکل اور باہر کی خبریں چھاپنی ہوں تو
اس کے راوی کا ثقہ ہونا سب سے ضروری ہے۔

۵۔ اخبار کا مقصد اپنی قوم کو نفع پہنچانا ہو۔

۶۔ اخبار خبروں کا مجموعہ ہے لہٰذا زیادہ تر خبروں کا حصہ ہونا چاہیے۔

۷۔ مضامین میں ایک ایڈیٹوریل ہو ایسے مضمون پر جو اس زمانہ میں زیر بحث ہو۔

۸۔ ایڈیٹوریل نوٹ حال کے واقعات اور خبروں پر رائے زنی کے لئے ہے۔ اسی کام میں آنا چاہیے۔

۹۔ ایک مضمون کسی اور کا بھی ہونا چاہیے خواہ وہ کسی خبر سے متعلق ہو یا مستقل مضمون پر۔

۱۰۔ خطوط وہی چھاپے جائیں جو کسی ضرورت کے تحت لکھے گئے ہوں نہ کہ نامہ نگار کی جودتِ طبع کے لئے۔

۱۱۔ اخبار مذہبی بحث سے بالکل معرا و مبرا ہو۔

۱۲۔ ایڈیٹر کو تمام مسئلوں پر غور کرنا اور دوسرے اخباروں و کتابوں سے واقفیت حاصل کرنا لازمی ہے۔

مولانا نے مزید لکھا ہے کہ روزانہ اخبار کا ایڈیٹر کس قدر محنت کرتا ہے نیز اپنی مثال دی اور کہا خود مجھے عصر کے متعلق کچھ لکھنا ہے تو روزانہ اخبارات سے بہت سے واقعات معلوم ہوتے رہتے ہیں۔ مگر تین چار کتابیں شروع سے آخر تک جب تک نہ پڑھی جائیں ایک دو کالم

کا مضمون تیار نہیں ہوتا ۔ اگر قلم برداشتہ لکھنا چاہوں تو بہت آسان ہے مگر پڑھنے والے کے لئے بہت مشکل۔ ۱۱؎ محمد علی نے ہمدرد جس شان سے چلایا اس کی نظیر ملنا مشکل ہے۔ اپنے اس قابل رشک کارنامہ کی داد ہمدرد نے گورنمنٹ سے بھی حاصل کر لی۔ ہمدرد پر جنگ کے بعد سنسر بٹھا دیا گیا اور بغیر اس کی منظوری کے کوئی مضمون یا خبر شائع کرنا جرم قرار دے دیا گیا۔ آخر محمد علی کی نظر بندی پر ہمدرد کی اشاعت ملتوی کرنا پڑی۔ ۱۲؎

ہمدرد کا دوبارہ اجراء

بے جاپور جیل سے رہائی کے بعد محمد علی نے کامریڈ کے ساتھ ہمدرد کی زمام ادارت بھی اپنے ہاتھ میں لی۔ عہد ثانی کو عہد اول سے عمدہ ہونا چاہیے تھا لیکن ایسا نہ ہو سکا۔ محمد علی کے ذہن و دماغ پر جو حملے ہوئے انہوں نے ان کے متاعِ اطمینان وسکون کو درہم برہم کر دیا اور وہ فروغِ خاطر کے ساتھ ہمدرد کو بھی نہ چلا سکے۔ ہمدرد کی مالی حالت خراب تھی وہ اسے بند کر دینا چاہتے تھے مگر دو دوستوں عبدالماجد دریا آبادی اور ظفر الملک علوی مدیران ''الناظر'' نے انتظامی نقائص کو دور کرنے کی ذمہ داری لے کر اسے بند ہونے سے بچائے رکھا۔

مسلم لیگ

غدر کے بعد سے مسلمانوں نے سیاسیات سے بالکل کنارہ کشی اختیار کر لی تھی۔ اس وقت مسلمان حکومت کے ظلِّ عاطفت کو سایۂ الٰہی سمجھ رہے تھے اور کسی '' باغیانہ'' تحریک میں شریک ہونے کے لئے تیار نہیں تھے جس سے حکومت کسی قسم کا شک کرتی لیکن یہ ظاہر ہے حالات ہمیشہ تو قائم نہیں رہ سکتے تھے۔ حکومت کے گوشۂ چشم التفات میں تبدیلی ہوئی۔ '' لڑاؤ اور حکومت کرو'' کی پالیسی علی الاعلان ظاہر ہوئی تو مسلمانوں میں بھی احساس پیدا ہوا اور یہ احساس اس جماعت کی طرف سے پیدا کیا گیا جو سید عالی مقام کی جانشین تھی اور سیاسیات کو شجر

ممنوعہ سمجھ کر اس سے ہر وقت بے تعلقی اور بے زاری کا اعلان کر نا اپنی بہترین ملکی خدمت سمجھتی۔

مسلم لیگ کی تاسیس

اسی جماعت نے نواب وقار الملک بہادر اور نواب محسن الملک مغفور کی کوشش سے ۱۹۰۶ء میں جب بہ مقام ڈھاکہ ایجوکیشنل کانفرنس منعقد ہوئی وہیں ایک گوشہ میں مسلمانوں کی آئندہ سیاسی زندگی کی تشکیل کے لئے ایک سیاسی جماعت کی تعمیر کرنا تھی۔ اور پھر یہ قائم ہوگئی اس نے مسلم لیگ کا نام پایا۔[۱۳] محمد علی نے اس کی تاسیس اور اس کے استحکام میں نمایاں حصہ لیا اور اس طرح اس کے بانیوں میں اپنے لیے ایک نمایاں جگہ حاصل کر لی۔ اس موقعہ پر باوجود یہ کہ اسلامی ہند کی قابلیت کا خطرہ موجود تھا مگر مسلم لیگ کے نظام کی درستی اور قواعد و ضوابط کی تیاری کا سارا کام محمد علی نے کیا۔ ان میں جوش اور جذبہ کی کمی نہیں تھی لیکن ان کے رہنما جوش اور جذبہ سے محروم تھے۔ مسلم لیگ کا نصب العین کانگریس کی طرح صرف یہ تھا کہ حکومت کے زیر سایہ اعلیٰ ملازمتوں میں مسلمانوں کا حصہ طلب کرتے۔ لیکن محمد علی کی شرکت نے رفتہ رفتہ مسلم لیگ کو ایک حریت خواہ جماعت بنا دیا۔ جب محمد علی کو عملی شرکت کا موقعہ حاصل ہوا تو انہوں نے لیگ کے قالبِ بے جان میں ایک روح پیدا کرنی چاہی ایسی روح جو دوسروں کو ہوشیار کر سکے اور بیداری پیدا کر سکے لیگ کے نصب العین کی پستی کا انہیں احساس تھا اور اس کے لئے انہوں نے انتھک کوششیں کیں بالآخر خدا وندانِ مسلم لیگ نے بھی اس حقیقت کا احساس کیا اور انتہائی شجاعت و مردانگی کے ساتھ اس کا اعلان فرما دیا کہ اب مسلم لیگ کا نصب العین ہندوستان کے مناسب حال سیلف گورنمنٹ ہے۔ محمد علی اس کے لئے میدان میں اتر آئے۔

قوم کی راہنمائی کا پہلا امتحان

دسمبر ۱۹۱۲ء کی آخری تاریخوں میں مسلم یونیورسٹی کی بنیاد رکھنے والی کمیٹی اور کانفرنس کا جلسہ لکھنؤ میں ہوا۔ مسلم یونیورسٹی کا قیام ایک اہم قومی مسئلہ تھا۔ اس وقت تک قومی راہنماؤں اورعوام میں کوئی خاص ربط نہ تھا۔ جمہوریت کا دور ابھی شروع نہ ہوا تھا۔ عوام کا کام صرف تقریریں سننا اور بولنے والوں کی فصاحت کی داد دینا تھا۔ لیکن مسلم یونیورسٹی کا قیام ایک ایسا مسئلہ تھا کہ جسے مسلم عوام خود طے کرنے کے لیے جمع ہوئے تھے۔ بالآخر محمد علی تقریر کے لئے کھڑے ہوئے تو سارا مجمع انتظار کی تصویر بن گیا۔ محمد علی کی تحریر کا لوہا تو سارا ہندوستان مانے ہوئے تھا لیکن ابھی تک ان کی تقریر کی کوئی شہرت نہ تھی۔ ایڈیٹر کی حیثیت سے تو ان کا سکہ سارے ملک میں رواں تھا لیکن لیڈر کی حیثیت سے انہیں بہت کم جانتے تھے۔ اس موقع پر آپ نے اپنے خیالات کو بالکل سادہ لفظوں میں اور اپنے آپ کو خلوص کے ساتھ قوم کے سامنے پیش کردیا۔ یہ تقریر جس قدر کامیاب ہوئی اس کی توقع خود لیڈر کو بھی نہ تھی۔ محمد علی لیڈری کے پہلے امتحان میں کامیاب نکلے تو اس دن سے آپ کا شمار ہندوستان کے چوٹی کے لیڈروں میں ہونے لگا۔[۱۴]

ہنگامۂ کانپور

۱۹۱۳ء میں کانپور کی میونسپلٹی کی طرف سے ایک سڑک کی تعمیر ہو رہی تھی ایک مسجد سنگِ راہ بنی ہوئی تھی اور اس کی وجہ سے اس مجوزہ ''صراطِ مستقیم'' میں کجی پیدا ہو رہی تھی۔ مسجد کے متولیوں نے غایت درجہ دریا دلی اور رواداری کے ساتھ میونسپلٹی کو اس کی اجازت دے دی کہ راستہ میں مسجد کے غسل خانے اور بیت الخلا کے جو سنگِ گراں حائل ہیں انہیں ہٹا دیا جائے۔ میونسپلٹی کو موقع مل گیا اور اس نے انہیں منہدم کرانے کے انتظامات شروع کر دیئے۔ عامتہ المسلمین، جمہور علماء اور ہندوستان کے تقریباً تمام بزرگوں نے اس کے خلاف اظہار رائے کیا اور متولیوں کی اس غلط فہمی کو رفع کرانا چاہا کہ وہ اپنی کسی جائیداد کے متعلق تو اتنا ضیافانہ اعلان کر سکتے ہیں لیکن مسجد کے معاملہ میں نہیں۔ یہ تمام ہنگامہ اور شور وغل بے کار ثابت ہوا۔

مسجد کا وہ حصہ منہدم کرادیا گیا۔ اس پر مسلمان بھڑک اٹھے باوجود حکومت کی مداخلت کے وہ اسکے خلاف مظاہروں سے باز نہ آئے۔ محمد علی نے اس واقعہ کو اپنے ہاتھ میں لے لیا انہوں نے گورنر صوبہ متحدہ سے نجی طور پر خط و کتابت کی مگر وہاں کامیابی نہ ہوئی تو پھر انہوں نے بمبئی جاکر مسٹر میکڈ انلڈ کو تاردیا اور ان سے اس معاملہ کو سمجھنے کی درخواست کی مگر وہ خاموش ہو رہے۔ اس پر محمد علی نے مسٹر وزیر حسن سیکٹرٹری مسلم لیگ کو ہمراہ لیا اور انگلستان پہنچ گئے۔ وہاں خوب تقریریں کی۔ پروپیگنڈہ کیا۔ آخر ان کی کوشش بار آور ہوئیں سر جیمس لاٹوش سابق گورنر صوبہ متحدہ محمد علی کے بیان سے متاثر ہوئے۔ لندن سے لارڈ ہارڈنگ وائسرائے ہند کو ہدایت بھجوائی گئی انہوں نے بطورِ خود اس معاملہ کا تصفیہ اس طرح کیا کہ کانپور پہنچے۔ ان جھگڑوں میں زخمی ہونے والوں کو ہسپتال جا کر دیکھا۔ جیل میں قیدیوں کا معائنہ کیا اور انہیں رہا کر دیا۔ مسجد کو ازسرِ نوتعمیر کرنے کی اجازت مرحمت فرمائی۔ [۱۵]

"The Choice of The Turks"

۱۹۱۴ء میں جب جنگ عظیم شروع ہوئی اس وقت لندن ٹائمز نے ایک اشتعال انگیز مضمون "The Choice of the Turks" اخبار میں شائع کیا تھا۔ اور ترکوں کو مشورہ دیا تھا کہ وہ صرف اور صرف دور سے تماشا دیکھیں اس جنگ میں ان کا کوئی حصہ نہیں ہونا چاہیے۔ یہاں تک کہ یونان پر بھی ان کی پیش قدمی نہ ہو۔ مضمون حددرجہ اشتعال انگیز اور دل شکن پیرایہ میں لکھا گھا تھا۔ جس سے ترکوں کی سخت توہین اور حقارت مقصود تھی اگرچہ اس زمانہ میں بیگم محمد علی بہت علیل تھیں اور اس فکر و پریشانی میں محمد علی کی رات، رات بھر جاگتے گزرتی تھی مگراس جوش کو قابو میں نہ رکھ سکے جو اس مضمون کو دیکھنے سے ان میں پیدا ہوا انہوں نے اس کے جواب میں ایک مضمون لکھا جس کے بارے میں کہتے ہیں۔

I had sat up for fourty hours to write twenty fateful columns, forgoing sleep and rest and almost all food, except some very strong cafee which I seldom use to take" **16**

یہ مضمون گورنمنٹ کے حلقوں میں اس قدر ناپسندیدگی کی نظر سے دیکھا گیا کہ چند ہی روز میں اس کا نتیجہ بھی نکل آیا یعنی ہمدرد کا مریڈ کی ضمانت ضبط کر لی گئی۔ لیکن محمد علی خاموش بیٹھنے والے نہ تھے۔ انہوں نے اس حکم کی آسانی کے ساتھ تکمیل نہیں کی بلکہ اس فیصلے کے خلاف اپیل کی اور لطف یہ کہ اس مقدمے کی پیروی خود کی اور جرح کی۔ اور خود اس حکم کے پرزے بارگاہِ عدالت میں اڑائے۔ دورانِ بحث میں وکیلوں اور بیرسٹروں کے ٹھٹ کے ٹھٹ لگے ہوئے تھے۔ اور ہر شخص دم بخود تقریر سن رہا تھا۔ محمد علی باہر نکلے تو ہندو مسلمان وکیل و بیرسٹر کی زبان سے بیک وقت یہ نکلا'' محمد علی کاش آپ بیرسٹر ہوتے'' محمد علی نے جواب دیا'' اب جو کچھ ہوں اس کی کون سی قدر ہو رہی ہے جو بیرسٹری میں ہوتی''

اس طرح بالآخر آپ کی ضمانت ضبط کر لی گئی اور کامریڈ موت کی آغوش میں چلا گیا۔

نظر بندی

مستحق دار کو حکمِ نظر بندی ملا　　کیا کہوں کیسی رہائی ہوتے ہوتے رہ گئی ۷۱

ضبطیٔ ضمانت کے بعد محمد علی نے پھر ذیابیطس کی شکایت محسوس کی، ڈاکٹر مختار احمد صاحب انصاری اور حکیم اجمل خان نے فوراً سارے دماغی کام چھوڑ دینے کا مشورہ دیا۔ چنانچہ محمد علی رام پور گئے کہ وہاں تبادلہ آب و ہوا کا خیال بھی تھا اور وطن کی کشش بھی رام پور پہنچے ہی تھے کہ ڈائرکٹر جنرل پولیس صوبہ متحدہ نواب صاحب رام پور کے پاس آئے اور نواب صاحب کی معرفت آپ طلب کئے گئے۔ وہاں سے کانپور کے قضیہ کے متعلق سوالات کئے گئے اور اس دوران میں سخت گفتگو ہو گئی۔ اب آپ نواب صاحب کی اجازت کے بغیر رام پور سے نہیں جا سکتے تھے۔ گویا دوسرے معنی میں آپ نظر بند کر دئے گئے۔ غالباً ۱۴۔ گھنٹہ کی پر لطف نظر بندی کے بعد آپ رہا ہوئے۔ اس کے بعد آپ نینی تال کی گھاٹیوں میں شکار کھیلنے گئے تو واپسی پر سخت بخار میں مبتلا ہوئے۔ اس عرصہ میں ڈاکٹر انصاری ہی نے نینی تال میں موسم گرما بسر

کرنے کے لئے مکان وغیرہ کا انتظام کیا۔ آپ کی علالت کی خبر سن کر مولانا شوکت علی دہلی سے رام پور آ گئے اور دونوں بھائیوں کا ارادہ حسبِ دستور حضرت معین الدین چشتیؒ کے سالانہ عرس پر اجمیر شریف جانے کا تھا۔ ابھی انہیں وہاں گئے دو ہی روز گزرے تھے کہ دہلی کے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کا ایک جابرانہ حکم ۱۷۔ مئی کو قانون تحفظ ہند کی رو سے آپ کو دیا گیا کہ'' آپ مع اپنے برادرِ محترم اپنے آپ کو نظر بند سمجھیں''۔ اس حکم کی رو سے آپ پر وہ تمام پابندیاں عاید کر دی گئیں جو جرائم پیشہ پر بھی عاید نہیں کی جاتیں۔ یہ ایک صریح زیادتی تھی مگر محمد علی نے یہ حکم پڑھ کر خدا کا شکر ادا کیا اور کہا'' یہ ایک پیغمبرانہ سنت ہے جس کی ادائیگی کے لئے خدائے حکیم نے محض اپنے فضل و کرم سے مجھے منتخب کیا''۔ ۱۸ ان احکام نادری کے بعد محمد علی حسب الحکم مھرولی چلے گئے۔ اہالیان دہلی نے آپ کو بڑے جوش و خروش بھرے دلوں سے رخصت کیا۔ ۱۹ علی برادران کی گرفتاری کے بعد ایک اہم سوال پیدا ہوا آخر ان لوگوں کا جرم کیا ہے جس کی بنا پر قید بے میعاد بھگتنے پر مجبور کیا جا رہا ہے۔ ۲۰ مھرولی سے ان دونوں بھائیوں کو لینڈون بھیج دیا گیا اور وہاں ان کی آزادی بالکل سلب کر لی گئی اور محمد علی کے قلم پر سنسر شپ قائم کر دی گئی۔

چندواڑہ

چند واڑہ وسطِ ھند میں ایک چھوٹا سا مقام ہے اپنے وطن سے دور اس جگہ بند ہو کر بھی محمد علی بیکار نہ بیٹھے۔ دونوں بھائیوں نے ایامِ اسیری کو غنیمت جان کر تاریخ عالم اور مذہب اسلام کا گہرا مطالعہ کیا۔ چندواڑہ کی نظر بندی کے ایامِ اسیری میں علی برادران نے وہاں کے لوگوں میں مذہبی روح پیدا کی ۔ چندواڑہ میں ایک مسجد کی بنیاد ڈالی اس زمانے میں اس مسجد میں خاصی چہل پہل رہتی تھی۔ مسلمانان ہند اپنے محبوب رہنماؤں کی اسیری پر حددرجہ مضطرب تھے اور جو امکانی کوششیں وہ کر سکتے تھے انہوں نے کیں۔ ۲۱

مسلم لیگ کی صدارت

ستمبر ۱۹۱۷ء میں نظر بندی کے تقریباً اڑھائی سال بعد محمد علی کو مسلمانانِ ہند نے اپنی غیر معمولی محبت اور قربانی کے ثبوت میں آل انڈیا مسلم لیگ کی صدارت کے لئے منتخب کیا۔ آپ نے اسی کے متعلق فرمایا۔

؎ یہ صدر نشینی ہو مبارک تمہیں جوہر   لیکن صلۂ روزِ جزا اور ہی کچھ ہے۔ ۲۲

لیکن گورنمنٹ نے انہیں جلسے میں شریک ہونے کی اجازت نہیں دی ان کی بجائے ان کی والدہ بی اماں موحومہ نے شرکت کی اور کرسئ صدارت پر محمد علی کی تصویر رکھی گئی۔ ۲۳

اسی سال کانگریس کے سالانہ اجلاس میں ہندوستان کے مشہور قائد سیاسی مسٹر تلک نے ایک ریزولیشن کانگریس میں پیش کیا جس میں علی برادران کی فوری رہائی پر گورنمنٹ ہند کی عنان توجہ مبذول کرنے کی سعی ناکام کی گئی۔ اسی عرصہ میں وزیر ہند مسٹر مانٹیگو اصلاحات کے لئے ابتدائی تحقیقات کرنے ہندوستان آئے ملک کے تمام سیاسی لیڈروں نے ان سے ملاقاتیں کیں۔ محمد علی نے بھی ملاقات کی مگر حکومت ہند کو ناپسند ہوئی۔ بعد ازاں مسلمانوں کا ایک وفد ان سے ملاقات کرنے گیا اور مسلمانوں کے جذبات کی صحیح ترجمانی کی علی برادران کی رہائی کا مسئلہ پیش کیا گیا۔ لیکن وفد کو اسی صورت میں مسٹر مانٹیگو سے ملنے کی اجازت ملی کہ وہ اس مسئلے کو خارج کردیں۔ وفد نہ مانا اور اس کو نامنظور کر دیا گیا۔ ۱۹۱۸ء میں ایک کمیشن مقرر کیا گیا تاکہ وہ ان کے معاملے پر غور کر کے رپورٹ پیش کرے۔ انہوں نے نظر بندی کو بالکل جائز قرار دیا لیکن سفارش کی کہ سزا کافی ہو چکی ہے اس لئے انہیں رہا کر دیا جائے۔ لیکن حکومت نے منظور نہیں کیا۔ ۲۴

زندان کی تبدیلی

چندواڑہ کئی سال سے ان کا وطن ہو گیا تھا۔ مگر اب اس کو بھی چھوڑنا پڑا ان دونوں بھائیوں نے کوشش سے وہاں ایک مسجد تعمیر کروائی تھی۔ بروز جمعہ محمد علی نے یہاں پر جوش تقریر کر ڈالی حکومت کو یہ ناگوار گزرا اور انہیں بیتول جیل منتقل کر دیا۔

علی برادران جیل ہی میں تھے کہ گاندھی نے رولٹ بل کے خلاف تحریک سول نافرمانی شروع کی۔ تمام ملک میں جوش آزادی کی آگ بھڑک اٹھی اور حکومت نے جتنا زیادہ تشدد کیا اتنا ہی یہ تحریک زور پکڑ گئی۔ اس عرصہ میں جلیانوالہ کا قتل عام ہوا۔ خطرہ تھا کہ تحریک کہیں مسلح بغاوت کی صورت نہ اختیار کر لے اس لئے گورنمنٹ نے اس غصہ کی لہر کو روکنے کے لئے ایک مدبرانہ چال چلی یعنی سب سیاسی قیدیوں کو رہا کر دیا۔ اس طرح یہ دونوں بھائی بھی رہا ہو گئے۔ ۲۵ اس وقت امرتسر میں تمام سیاسی جماعتوں کے اجلاس ہو رہے تھے۔ یہ امرتسر گئے اور ان میں شرکت کی۔ محمد علی نے کانگرس کے اجلاس میں یادگار تقریر کی۔ خلافت کانفرس میں بھی ان کا شاندار خیر مقدم کیا گیا۔ بعد ازاں جب یہ دہلی آئے تو نہایت پرتپاک و پرجوش استقبال ہوا۔

Round Table Conference

گول میز کانفرنس

سائمن رپورٹ ۱۹۳۰ء میں شائع ہوئی اس میں اعتراف کیا گیا تھا کہ ۱۹۱۷ء کے بعد ہندو مسلم مسئلہ زیادہ نازک ہو گیا ہے اور اس کے حل کے لئے تجاویز پیش کی گئیں تھیں۔ اس اثناء میں انگلستان میں لیبر وزارت برسرِ اقتدار آچکی تھی اور اس نے محسوس کیا کہ تمام ہندوستانی رہنماؤں کی ایک کانفرنس لندن میں بلائی جائے جہاں برطانوی حکومت ان سے ہندوستان کی سیاسی صورتِ حال پر گفتگو کر سکے۔ ۲۶

محمد علی نے اپنی علالت کے باوجود یہ طویل زحمت سفر کیوں اختیار کی اور کیوں نہ لندن جانے سے معذوری ظاہر کر دی۔ یہ سوال پیدا ہو سکتا ہے لیکن محمد علی کے لئے اس کے سوا چارا کار کیا تھا؟ کانگرس کی جو روش تھی اس سے وہ مایوس ہو چکے تھے۔ گول میز کانفرنس کے لئے جن مندوبین کا انتخاب عمل میں آیا تھا۔ ان میں ایک بھی ایسا نہ تھا جو محمد علی کی طرح قوم کا درد اپنے دل میں رکھتا ہو۔ یا محمد علی کے خیالات و معتقدات سے اتفاق رکھتا ہو۔ اس لئے بجا طور پر انہیں یہ خیال تھا کہ گول میز کانفرنس میں بغیر ان کی شرکت کے مسلمانوں کی صحیح ترجمانی نہیں ہو سکتی۔ اپنے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے مکتوب بنام مولانا عبدالماجد دریا آبادی میں بھی

کیا تھا۔ لوگوں نے لاکھ لاکھ سمجھایا، نشیب وفراز کی طرف رہنمائی کی، صحت کے خطرات سے آگاہ کیا۔ سب جتن کئے مگر محمد علی جو عزم کر چکے تھے اس سے انہوں نے رجوع نہیں کیا ان کو تو اس پر عمل کرنا تھا۔ ۲۷

محمد علی کی خبر روانگی جب مشہور ہوئی تو بمبئی کے بعض حریانِ حریت نے یہ طے کر لیا تھا کہ وہ مندوبین گول میز کانفرنس کو سیاہ جھنڈیوں کے ساتھ الوداع کہیں گے اور اس کے انتظامات بھی مکمل ہو رہے تھے اور اعلان کر دیا گیا تھا کہ مندوبین کی روانگی کے روز مظاہرہ کیا جائے گا۔

مسلمانان بمبئی اس خبر سے سخت مشتعل ہوئے وہ اسے کسی طرح برداشت نہ کر سکتے تھے کہ ان کے محترم رہنما کو سیاہ جھنڈیوں کے ساتھ الوداع کیا جائے۔ انہوں نے بھی پورے طور سے طے کر لیا تھا کہ وہ اپنے اس سردار کو پھولوں اور ہاروں اور اللہ اکبر کے نعروں کے ساتھ الوداع کہیں گے خواہ اس میں تصادم ہی کیوں نہ ہو جائے۔

اس خبر وحشت اثر نے مخالفین کے کیمپ میں تہلکہ مچا دیا اور مجبوراً یہ ارادہ فسخ کر دینا پڑا۔ محمد علی بجائے سیاہ جھنڈیوں کے اپنے بہت سے مخلصوں اور عقیدت کیشوں کے دل سے نکلی ہوئی دعاؤں کے ساتھ روانہ ہوگئے۔ جس وقت مولانا محمد علی لندن پہنچے تو وہ سخت بیمار تھے لیکن انہوں نے اپنی صحت سے بے نیاز ہو کر مستعدی و کارگزاری کی انتہا کر دی۔ وزراء امراء اور مدیرانِ جرائد سے مسلسل تبادلۂ خیالات کیا۔ انہیں ہندوستان کے حالات بتائے سیاسی پیچیدگیاں سمجھائیں۔ ہندو مسلم اختلافات کی سیاسی اہمیت بتلائی۔ غرض تمام حالات آئینہ کر کے رکھ دیئے۔

مولانا محمد علی میں جب تک سکت رہی وہ چارپائی پر لیٹے لیٹے ٹیلی فون کرتے رہے معاملہ اہم ہوا تو اپنے ''غم خانہ'' میں کبھی لارڈ سینکے (Sankey) سے شوکت صاحب کی مخالفت کے باوجود گفتگو ہو رہی ہے کبھی مسٹر بن (Benn) وزیر ہند سے کبھی سرا کبر حیدری سے اور کبھی سر احمد سعید سے تا آنکہ 'بیماریٔ دل' نے کام تمام کر دیا۔ اور ملتِ اسلامیہ اپنے عظیم المرتبت پیشوا سے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے محروم ہوگئی۔

گول میز کانفرنس کی تقریر کے بعد سے محمد علی کی حالت جو گری تو پھر نہیں سنبھلی اور اس کا کوئی امکان بھی باقی نہیں رہ گیا تھا۔ وفات کی شبِ بلا سے پیشتر وہ رات بھر کام کرتے رہے ۔ ہندو مسلم تعلقات پر جو انہوں نے ایک مفصل سکیم تیار کی تھی اس کا مسودہ ٹھیک کراتے رہے اور وزیراعظم کے پاس اسے بھیجنے کی فکر کرتے رہے۔ حالت بظاہر تشویش انگیز نہیں تھی کہ ان کی جان کا خطرہ کیا جاتا اسی لئے شوکت علی ایک دوست سے ملنے آئر لینڈ تشریف لے گئے تھے ۔لیکن اپنی اس سکیم کے بعد وہ بے ہوش ہو گئے اور کئی گھنٹہ کی بے ہوشی کے بعد صبح کو کچھ دیر کے لئے آنکھ کھلی۔ اس وقت تھکا ماندہ بوڑھا بھائی بھی پہنچ چکا تھا کہ دیکھتے ہی دیکھتے محمد علی کی روح عالمِ بالا کو سدھاری اور یہ ۴۔جنوری ۱۹۳۱ء کی ایک غم ناک صبح تھی۔

ولادت تو مادرزاد ہوتی ہے لیکن محمد علی کی موت خانہ زاد تھی ۔ عام طور پر موت اپنا انتخاب خود کرتی ہے لیکن محمد علی نے خود موت کا انتخاب کیا۔ اور یہی وہ چیز ہے جس نے محمد علی کی زندگی اور موت دونوں کو ایک برگزیدہ حقیقت بنا دیا۔سنگین اور صالح ۔محمد علی کی زندگی اور موت دونوں ان کی انفرادی اور شخصی افتادِ طبع کی ایک جلوہ گری تھی اور شخصیت کی اسی جلوہ گری کا نام آرٹ ہے۔صحیح اور گراں مایہ۔

قضا کس کو نہیں آتی یوں تو سب ہی مرتے ہیں
پر اس مرحوم کی بوئے کفن کچھ اور کہتی ہے ۲۸

مسئلہ تدفین

اس وقت زیر بحث مسئلہ یہ تھا کہ لاش دفن کہاں کی جائے۔بعض احباب کا خیال تھا کہ تدفین لندن میں ہونی چاہیے لیکن گھر والے اس کے خلاف تھے ۔ بیگم محمد علی انہیں ہندوستان لے جانا چاہتی تھیں اور خود ہندوستان سے سینکڑوں تار پہنچے کہ نعش یہاں لائیے تا کہ ہم تشنہ کامانِ زیارت آخری دیدار ہی سے مشرف ہو جائیں۔ رام پور نے یہ استحقاق پیش کیا کہ اسے محمد علی کا وطن ہونے کا فخر حاصل ہے ۔لکھنو نے یہ حق باصرار پیش کیا کہ اس سے بڑھ کر اس امانت کا حقدار کوئی نہیں ہوسکتا۔ اجمیر نے استدعاء کی کہ محمد علی کو سلطان الہند غریب نواز خواجہ معین الدین اجمیری قدس اللہ سرہ کے سایۂ ہما میں آخری موقعۂ استراحت ملنا چاہیے۔

اس لیے بھی کہ خود محمد علی کو درگاہِ خواجہ سے بہت عقیدت تھی۔ علی گڑھ آگے بڑھا اور کہا کہ محمد علی کے ذہن و دماغ کی نشوونما یہیں ہوئی۔ دلی ایک سوگوارانہ انداز سے یوں گویا ہوئی کہ محمد علی یہیں چہکے پھلے پھولے اور کامران ہوئے۔

لیکن بیت المقدس کی سرزمین نے اپنے مقدس بازوؤں کو پھیلایا اور محمد علی سے کہا '' تیری ساری زندگی اور ساری جدجہد، تیری دوستی اللہ کے لئے تھی، دیکھ یہ برگزیدہ انبیاء و مرسلین کے جسد پاک اور بے شمار اولیاء ومقبولین کے اجسام مطہرہ میرے سینے میں محفوظ ہیں۔آ میں تجھے ایک گوشۂ عافیت اور اسی سرزمین امن وسلام کا دیتی ہوں بول منظور ہے؟ محمد علی کی روح مسکراتی ہوئی آگے بڑھی۔ مسجد عمر نے اپنا سینہ شق کیا اور محمد علی اس میں سما گیا۔ کیا قسمت تھی!

'' یہ رتبہ بلند ملا جس کو مل گیا''

ہے رشک ایک خلق کو جوہر کی موت پر

یہ اس کی دین ہے جسے پرودگار دے ۲۹

مولانا محمد علی جوہر کی شخصیت وکیفیت میں دو متضاد چیزیں موجود تھیں ۔ جو شاذ و نادر ہی کسی میں جمع ہوتی ہیں۔ یعنی شجاعت و رقت قلب۔ ان کی بہادری کا تو یہ عالم تھا کہ برطانوی حکومت سے بے جھجک ٹکر لے رہے ہیں جب کہ قید و بند اور پھانسی کا تختہ سامنے تھا۔ اور اسی کے ساتھ ہی رقتِ قلب کا یہ عالم کہ تقریریں کرتے کرتے رو دیتے تھے اور جب کبھی ملت کے زوال اور بربادی کا ذکر چھڑ جاتا تو فوراً آنکھیں نم ناک ہو جاتیں۔ جرأت و بے باکی کا یہ عالم تھا کہ طلب آزادی کی خاطر جب انہوں نے انگلستان کا آخری سفر کیا اور پارلیمنٹ میں اپیل کی تو شہنشاہ جارج پنجم کو بے دھڑک خطاب کرتے ہوئے کہا:

'' اگر وکٹوریہ کا بیٹا مجھے ہندوستان کی آزادی نہیں دے سکتا تو مرنے کے لئے ڈیڑھ گز زمین تو انگلستان میں دے سکے گا'' خود ان کے لئے الفاظ واقعہ بن گئے اور اسی شب انگلستان میں وفات پا گئے۔ حق تعالیٰ نے ان کے الفاظ کو ایسا قبول فرمایا کہ ابدی طور پر مقبولین کی معیت میں انبیاءؑ کے جوار میں دفن کئے گئے یہ جہاں ان کی قبولیت عنداللہ کی دلیل ہے وہیں ان کی پاک طینت کی بھی مظہر ہے۔ ۳۰

مولانا بلا کے ذہین تھے ۔ دشمن و دوست ان کی فراست کو مانتا تھا۔ محمد علی ہر وقت ذہنی طور پر مستعد تھے اور چھوٹی چھوٹی باتوں میں بھی ذہانت مضمر تھی۔ اکثر راتوں کو اٹھ اٹھ کر قوم کی بہی خواہی کے لئے دعائیں کرتے۔ روتے روتے ہچکیوں کی آواز اتنی تیز ہوجاتی کہ خواب گاہ سے باہر تک سنی جاتی تھی۔ وہ ایک اچھے مسلمان تھے صحیح العقیدہ اور پابند اعمال خوش اخلاق، ہنس مکھ اور شفیق تھے۔ وہ بہترین خطیب تھے۔ اردو اور انگریزی دونوں کے اعلیٰ انشا پرداز تھے۔ دونوں زبانوں کے بہترین سخن سنج اور سخن فہم، اچھے مقرر اچھے شاعر اور درویش طبع انسان تھے۔ وہ حاتم طائی کی طرح سخی تھے اور حضرت ابوذر غفاریؓ کی طرح بے درہم و دینار تھے۔ وہ عالموں کی طرح عبا پہنتے تھے اور عابدوں کی طرح عبادت کرتے تھے۔ قرآن پاک انھوں نے جیل میں حفظ کیا۔ ان ساری خوبیوں کے ساتھ وہ یوں معلوم ہوتے کہ جیسے اللہ تعالیٰ نے اہل کمال کے پورے ایک شہر کو محمد علی کی ذات میں سمو دیا ہے۔

محمد علی کا دل و دماغ اپنی قوم کی بہتری کے لئے ہر وقت سرگرمِ عمل رہتا۔ کچھ انسان ایسے ہوتے ہیں جو قوم کے غم کو غم ضرور سمجھتے ہیں مگر ایسے لوگ بہت کم ہوتے ہیں جو اس غم کو خون میں جذب کر لیتے ہیں ۔محمد علی ان لوگوں میں سے تھے جنہوں نے اجتماعی غم کو ذاتی غم بنا لیا۔ جو جنگ بیرونی دنیا میں جاری تھی وہی نقشہ ان کے دل میں تھا۔وہی کیفیت ان کے دل میں تھی ۔گویا کہ ان کا دل ایک سٹیج کی حیثیت رکھتا تھا جس پر بیرونی ڈرامہ محمد علی کا ذاتی ڈرامہ بن کر نکلا جا رہا تھا۔ کہا جاتا ہے کہ غم جب حد سے سوا ہو جائے تو انسان سہارا ڈھونڈتا ہے۔ اکثر دیکھا گیا ہے کہ ایسے موقعوں پر مذہب میں انسان پناہ لیتا ہے ۔لیکن محمد علی نے مذہب سے پناہ یا مذہب میں پناہ لینا نہ چاہی بلکہ اس کا آسرا لیا۔ اسی آسرے کے سہارے انھوں نے اپنی بے پناہ جوشیلی طبیعت کو سنبھالا۔ انھوں نے مذہبی صداقتوں کو بطور ذہنی اور فکری استحکام اور سیاسی استقامت کو استعمال کیا۔ ان کے پریشان کن حالات نے انہیں مجبور کیا کہ وہ اپنی شخصیت کو اس راہ پر لے آئیں ۔ رنج وغم نے ان کے دل میں نرمی و گداز کی کیفیت پیدا کر دی پہلو میں قوم کا درد ٹیس بن کر اٹھنے لگا۔ اس رجحان نے ان کی باتوں کو شعری رنگ عطا کیا۔ دل کا درد اگر چہ قومی درد تھا مگر اس کے اثرات یوں ظاہر ہوئے گویا کہ وہ ان کا ذاتی زخم اور

ذاتی درد تھا۔ جس کا اظہار انہوں نے اپنے اشعار میں کیا۔ اس غم نے جس کو انہوں نے ذاتی نوعیت کا درد سمجھ کر روح میں رچا لیا وہی غم انہیں مسٹر محمد علی سے مولانا محمد علی بنا گیا۔

وہ ایک ایسی ہستی تھی جس کی آواز مشرق نے بھی سنی اور مغرب نے بھی شمال میں بھی گونجی اور جنوب میں بھی بلند ہوئی۔ ہمالہ کی بلندیوں نے بھی اسے سنا اور گنگا کی گہرائیوں نے بھی اسے محسوس کیا۔ پڑھے لکھوں نے بھی اسے سمجھا اور جاہلوں نے بھی اس کے رسیلے پن کو دل میں جگہ دی۔ عالموں نے بھی، جاہلوں نے بھی بڑوں نے بھی، اور چھوٹوں نے بھی، سرداروں نے بھی، خاکساروں نے بھی۔ شہر کے شرفاء نے بھی اور دیہات کے گنواروں نے بھی، جیل خانے کی تنگ و تاریک کال کوٹھریوں نے بھی، راجوں مہاراجوں کے قصر والوں نے بھی اور فاقہ کشوں کے ٹوٹے ہوئے جھونپڑوں نے بھی۔

اس کا کلام سن کر ڈرائنگ روم کے صوفے اور کوچ کھکھلا کر ہنسے۔ اس کا پیغام سن سن کر مسجدوں کے محراب و منبر بلبلا بلبلا کر روئے۔ خانقاہیں اور مدرسے، پارک اور نشاط خانے، کھنڈر اور ویرانے، قوم پردازوں کی کانگریس اور فرقہ پروازوں کی کانفرنس پریس اور پلیٹ فارم، دیوبند اور ندوہ، فرنگی محل اور علی گڑھ، جمیعۃ العلماء اور مسلم لیگ سب کے سب اس سے مالوف، سب کے چپہ چپہ پر اس کے نقشِ قدم کے نشان، سب کا ذرہ ذرہ اس کے خیر مقدم سے لطف اندوز۔ اس دل و دماغ کا ایسا جامع الصفات سردار کبھی قوم کی خوش نصیبی ہی سے کہیں مدتوں میں ہاتھ آتا ہے۔ جنہیں یہ نعمت ملی انہوں نے قدر نہ کی۔ وقت پر نعمت کی قدر دنیا نے کب کی ہے۔ دولت کیا ٹھہرنے والی اور نعمت کیا رکنے والی تھی۔ آنی دولت تھی اور فانی نعمت تھی آئی اور گئی۔

تم یوں ہی سمجھنا کہ فنا میرے لئے ہے — پر غیب سے سامانِ بقا میرے لئے ہے
کیا ڈر ہے جو ہو ساری خدائی بھی مخالف — کافی ہے اگر ایک خدا میرے لئے ہے [۳۱]

☆☆☆☆

حوالہ جات

۱۔ علامہ اقبال، کلیاتِ اقبال؛ ص۔۴۴۲ خزینۂ ادب، لاہور

۲۔ رئیس احمد جعفری، سیرت محمد علی؛ ص۔۲۵۹، اتحاد پریس، لاہور، ۱۹۵۰ء

۳۔ رئیس احمد جعفری، سیرت محمد علی؛ ص۔۲۶۰

۴۔ ایضاً، ص۔ ۲۶۱

۵۔ ایضاً، ص۔۲۶۴

۶۔ احمد عباس، محمد علی جوہر سوانح حیات، ص۔۱۰، ۱۱، کتاب گھر دہلی، ۱۹۳۶

۷۔ جعفری، سیرت محمد علی؛ ص۔ ۲۲۸

۸۔ عبدالماجد دریاآبادی، محمد علی ذاتی ڈائری ؛ ص۔ ۱۳۹، معارف پریس اعظم گڑھ، ۱۹۵۴ء

۹۔ نورالرحمٰن، دیوانِ جوہر؛ ص۔۹، علمی پرنٹنگ پریس، لاہور ۱۹۶۲ء

۱۰۔ عشرت رحمانی، حیات جوہر؛ ص۔۵۳، برقی پریس، دہلی، ۱۹۳۱ء

۱۱۔ جعفری؛ سیرت محمد علی، ص۔۲۷۰

۱۲۔ جعفری؛ سیرت محمد علی، ص۔۲۷۳

۱۳۔ عشرت رحمانی؛ حیات جوہر، ص۔ ۳۸

۱۴۔ گل شیر خان، محمد علی کی یار؛ مراری آرٹ پریس، دہلی، ۱۹۳۱ء

۱۵۔ جعفری؛ سیرت محمد علی، ص۔ ۲۸۰۔۲۸۱

۱۶۔ Afzal Iqbal, "My Lifeafragment",P.58,AshrafPressLahore,1966,

۱۷۔ نور الرحمان؛ دیوانِ جوہر، ص۔۱۳

۱۸۔ جعفری، ''سیرت محمد علی'' ص۔۲۸۴

۱۹۔ خورشید مہر، ''سیرت محمد علی'' ص۔۶۳۴

۲۰۔ جعفری، ''سیرت محمد علی'' ص۔۲۸۷

۲۱۔ جعفری، ''سیرت محمد علی'' ص۔۲۸۸

۲۲۔ نورالرحمٰن ، دیوانِ جوہر؛ ص۱۴

۲۳۔ جعفری، ''سیرت محمد علی''ص۔۳۱۳

۲۴۔ احمد عباس، محمد علی کی سوانح حیات ؛ص۔۲۲

۲۵۔ احمد عباس، محمد علی کی سوانح حیات ؛ص۔۲۳

۲۶۔ خورشید کمال عزیز، مبادیاتِ مذہب، ص۔۳۴، ۳۴منصور پریس ، لاہور، ۱۹۶۱ء
"History of the freedom Movement,P.174, Pakistan Historical Society, Karachi,1961

۲۷۔ گل شیر خان، محمد علی؛ ص۔۱۴۱۔

۲۸۔ رشید احمد صدیقی، گنج ہائے گراں مایہ، ص:۷، اشرف پریس ، لاہور، ۱۹۶۴ء

۲۹۔ دوست قدوائی، گنجینۂ جوہر؛ ص۔۱۷، محراب ادب ، کراچی، ۱۹۵۰ء

۳۰۔ Select Writing & Speeches of Maulana Mohammad Ali, P.xviii, Ashraf Press, Lahore,1969.

۳۱۔ دیوانِ جوہر، ص: ۱۴۱

Majallah-e-Tahqiq
Research Journal of
the Faculty of Oriental Learning
Vol: 30, Sr.No.77, 2009, pp 31 - 38

مجلّہ تحقیق
مجلۂ کلیۂ علوم شرقیہ
جلد۳۰، شمارہ ۷۷، اکتوبر۔دسمبر ۲۰۰۹ء

ذکر ایران و عجم
غالب کی فارسی شاعری کا اہم پہلو

ڈاکٹر نجم الرشید ☆

Abstract:

Persian remained the court language of sub-continent during the Muslim period. Thousand of poets compose their verses in Persian language and Ghalib is considered among the most celebrated of them. He was a bilingual poet who wrote some of the most famous poetry both in Urdu and Persian. Although he claimed to be a great Persian poet but his Urdu poetry is also ranked among the best works. In this article the Persian and Urdu verses of Ghalib have been evaluated in which he mentions his desire to visit or live in Iran.

Key words: Persian poetry, Ghalib Iran, Sub-continent.

مغلیہ دور میں ایرانی دانشمند، ادیب اور شعرا بڑی تعداد میں ایران سے ہجرت کر کے برصغیر میں آباد ہو گئے تھے۔ چونکہ اس دور میں یہاں علمی، ادبی اور سرکاری زبان فارسی تھی، لہذا ایرانی حضرات خود کو اہل زبان سمجھتے اور مقامی دانشمندوں، ادبا اور شعرا کے مقابلے میں خود کو برتر اور بہتر خیال کرتے، جس کی وجہ سے یہاں کے ادیب دو حصوں میں تقسیم ہو گئے: ایک مقامی اور دوسرے ایرانی۔

☆ ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبۂ فارسی، اورینٹل کالج، جامعہ پنجاب، لاہور۔

ایران و عجم اور ماوراء النہر وہ سرزمین ہے جس سے غالب کے آباو اجداد کا خمیر اٹھا تھا۔ جس کی آب و ہوا میں انہوں نے عمریں گزاری تھیں اور جس خطہ نے انہیں تعلیم و تربیت کے امکانات اور مواقع فراہم کرنے کے بعد معاشرے میں اعلیٰ و ارفع مقام عطا کیا تھا۔ غالب کے اجداد اپنی مٹی ، اپنی زمین اور اپنا وطن چھوڑ کر ہندوستان میں آباد ہوئے تو اپنی زبان ، ثقافت ، معاشرت ، اقدار اور روایات کو چھوڑنا تو دور کی بات ، انہیں بھلانا بھی ان کیلئے دشوار تھا۔ مدتوں تک یہ خاندان دو مختلف تہذیبوں کی بلند اقدار کو سینے سے لگائے آگرہ و دہلی جیسے شہروں میں مقیم رہا کہ اس خاندان میں آسمان علم و ادب کا وہ ستارہ نمودار ہوا جس کی چمک سے نہ صرف اس خاندان کو شہرت اور دوام حاصل ہوا ، بلکہ جس سے جہان لفظ و معنی کو نئی زندگی اور روشنی نصیب ہوئی۔ غالب نے ہندوستان میں آنکھ کھولی، بچپن میں وہ ماحول میسر ہوا جس میں ایران ، ہندوستان اور اسلامی تہذیب وتمدن کی خوشبو پھیلی ہوئی تھی۔ شیراز ، اصفہان ، ہرات ، سمرقند و بخارا خوابوں کی وہ جنت تھی جس کا ذکر غالب نے بچپن ہی میں سنا۔ خاقانی ، سعدی ، حافظ ، عرفی ، نظیری اور بیدل جہان علم و ادب کی وہ شخصیات ہیں ، جن کے اشعار غالب کے کانوں میں رس گھولتے رہے ۔ مروجہ علوم کی تحصیل کے دوران ہی جہاں ایک طرف غالب کو ہندوستانی ماحول ملا ، یہاں کی علمی و ادبی فضا میسر آئی ، دوسری طرف وہیں وہ خاندانی پس منظر بھی تھا جس سے غالب کا لگاؤ فطری تھا ، اور جس سے وابستگی اور محبت انکی سرشت میں شامل تھی ، اور پھر جب طبیعت شعر وسخن کی طرف مائل ہوئی تو فارسی اور اردو شاعری بام عروج پر پہنچی ہوئی تھی۔ عرفی ، نظیری ، بیدل اور ظہوری وہ شعرا تھے کہ جن کی پیروی میں شعر کہنا کامیابی کی دلیل سمجھا جاتا تھا اور جن کے راستے پر چلنا ہی معیار ٹھہرا تھا۔ غالب کی ذہنی اور فکری صلاحیتوں میں جہاں اس کے خاندانی پس منظر اور تعلیم وتربیت کا دخل تھا وہیں غالب کو خدا نے

وہ قدرت کلام عطا کی تھی اور اقلیم سخن میں وہ صلاحیت بخشی تھی کہ لفظ و معنی اس کے سامنے ہاتھ باندھے کھڑے رہتے اور مدعا اور مطلب ہر خدمت انجام دینے کے لیے کمر بستہ رہتے ، تراکیب اور اصطلاحات نئے مفاہیم لیے تمام تر جلووں کے ساتھ اُس کے سامنے رقص کناں رہتیں۔ جب غالب نے ہوش سنبھالا تو گھر میں اگرچہ اردو بولی جاتی تھی لیکن درحقیقت انہوں نے ہندوستان میں رہتے ہوئے بھی کافی حد تک فارسی اور ایرانی ماحول میں پرورش پائی اور تمام تر تعلیم فارسی زبان میں حاصل کی ۔ ایرانی النسل ہونے کی وجہ سے خود کو اہلِ زبان خیال کرتے اور ایران اور عجم سے محبت فطری تھی۔ غالب کو فارسی نظم و نثر میں دسترس و مہارت حاصل تھی ۔ اردو زبان میں غالب نے وہ با کمال اشعار کہے ہیں کہ ڈیڑھ سو سال گزرنے کے باوجود آج بھی انکی لطافت ، تازگی اور شگفتگی میں ذرہ برابر بھی کمی نہیں آئی۔ اگر یہاں یہ کہا جائے کہ غالب نے اردو زبان میں شعر کہہ کر اردو زبان پر احسان کیا ہے تو بے جا نہ ہوگا دوسری طرف اردو زبان نے انہیں جو عزت ، مرتبہ اور شہرت عطا کی وہ بلاشبہ بہت کم شعراء کے نصیب میں آتی ہے۔

غالب کے فارسی کلام کا اگر بغور مطالعہ کیا جائے تو بہت سے اشعار ایسے ملتے ہیں کہ جن میں غالب نے ایران و عجم کا ذکر نہایت عقیدت و احترام سے کیا ہے اور فارسی زبان ، ایرانی ماحول اور ثقافت کی تعریف کی ہے ۔ ایرانی شہروں اور وہاں کے شعراء اور اہل علم کی صلاحیتوں کا اعتراف کیا ہے اور اپنا علمی و نسلی تعلق ان سے جوڑنے کی کوشش کی ہے بلکہ وہ اس تعلق کا ذکر نہایت فخر اور ناز سے کرتے ہیں ۔ انکی فارسی شاعری میں شاید یہی وہ مقام ہے کہ جہاں وہ خود کو برتر اور اعلیٰ تسلیم کرتے ہوئے اپنے احساسات اور جذبات کا اظہار کرتے ہیں ، جیسا کہ میرزا قتیل لاہوری کی شخصیت اور شاعری سے متعلق ان کے جو خیالات اور آراء ملتی

ہیں وہ مبنی بر انصاف نہیں ہیں۔ میرزا قتیل قادر الکلام صاحب اسلوب شاعر ہیں۔ انکی غزلیات میں وہ مضمون آفرینی اور چاشنی موجود ہے جس کی لذت سے آج بھی تشنگان علم و ادب اپنی پیاس بجھا رہے ہیں۔

غالب نے ساری زندگی ہندوستان میں گزاری، مگر ایران میں زندگی گزارنے کی خواہش ان کے دل میں ہمیشہ خلش پیدا کرتی رہی۔ بے بسی کی یہ چبھن نوک خار کی مانند ان کے کلام میں موجود ہے۔ اصفہان و شیراز کا حسن و جمال ان کے دل پر نقش ہے جو ان کے اشعار میں بھی منعکس ہے۔ غالب کے فارسی کلام کے مطالعہ کے دوران چند شعر جب بھی نظر سے گزرتے ہیں تو ایسا محسوس ہوتا ہے کہ جیسے غالب ہندوستان میں رہتے ہوئے بھی ہندوستان میں نہیں ہیں بلکہ اس کوشش میں ہیں کہ کسی طرح اصفہان اور شیراز پہنچ جائیں اور وہاں کی فضا میں سانس لے سکیں۔ غالب کے کلام اور ان کی زندگی کے اس پہلو پر غور کیا جائے تو چند وجوہات کی نشاندہی کی جا سکتی ہے۔

اول: یہ کہ اس دور کا علمی اور ادبی ماحول ایرانی تہذیب و تمدن اور فارسی ادبیات کے زیر اثر تھا۔

دوم: یہ کہ غالب کے آباء و اجداد ایرانی النسل اور زرتشتی مذہب سے تعلق رکھتے تھے۔ ان کا عجم سے لگاؤ فطری تھا۔

سوم: یہ کہ غالب نے معاشی اعتبار سے انتہائی مشکل اور کٹھن زندگی گزاری۔ غالب کو اپنے زمانے میں وہ سرپرستی حاصل نہ ہوئی جو اس کا حق تھا۔ ہندوستان سے بیزاری شاید اسی سبب سے تھی۔

چہارم: یہ کہ غالب کافی حد تک خودستائی، فخر و ناز اور تکبر کے شکار رہے ہیں۔

فارسی شاعری کی محبت میں غالب اپنے اردو کلام کو ”بے رنگ“ تک کہہ دیتے ہیں:

فارسی بین تا ببینی نقش های رنگ رنگ

بگذر از مجموعۂ اردو که بی رنگ من است

یہی وہ نفسیاتی کیفیت ہے کہ جس میں غالب یہ بتاتے ہیں کہ اگرچہ ان کا تعلق ہندوستان سے ہے اور یہیں انہوں نے پرورش پائی اور تعلیم حاصل کی ہے لیکن وہ فارسی زبان کے شاعر اور ایرانی النسل ہیں جہاں کی تہذیب و تمدن ان کی رگ رگ میں بسی ہوئی ہے ۔ لہذا وہ ایران کے مقابلے میں ہندوستان کو قطعاً کوئی اہمیت نہیں دیتے ۔

جیسا کہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے غالب ہندوستان میں پیدا ہوئے۔ یہیں پرورش پائی اور تعلیم و تربیت حاصل کی اور پھر یہیں علم و ادب میں وہ شہرت کمائی جو بہت کم لوگوں کو نصیب ہوتی ہے۔ وہ اپنے ایک شعر میں کرتے ہیں کہ ان کی آواز ، حرف ، گفتگو اور شعری مہارت کا تعلق کسی طرح سے بھی سرزمین ہندوستان سے نہیں ہے بلکہ اس کا اصل سبب اصفہان ، ہرات اور قم کی سرزمین ہے جس سے غالب کے آباء کا تعلق رہا ہے:

غالب ز هند نیست نوائی که می کشم

گوئی ز اصفهان و هرات و قمیم ما (غالب،۱۹۶۹:۳۱)

قدیم زمانے میں غالب کے اجداد کا تعلق زرتشتی مذہب سے تھا۔ غالب کہتے ہیں کہ میری سرشت اور نہاد میں زرتشتی آگ کی چنگاریاں موجود رہی ہیں ۔ یہی وجہ ہے کہ میں مغان شیوہ دلبروں کے داغِ محبت ہی سے جل گیا۔ آگ میری فطرت میں تھی ، ذرا سے داغ نے جلا ڈالا:

شرار آتش زر تشت در نهادم بود

که هم به داغِ مغان شیوه دلبرانم سوخت (ایضاً،۱۰۶)

غالب کے مزاج کا ایک خاص پہلو یہ بھی ہے کہ وہ اپنے جذبات و احساسات کو اپنے وجود میں مقید نہیں کر سکتے ، جو محسوس کیا اسے شعر میں بیان کر دیا ۔ ایک جگہ ہندوستان کو ”

خاک کدورت خیز'' تک کہہ دیا۔ شاید یہاں کے ماحول اور لوگوں کے رویوں سے اس قدر تنگ آ گئے کہ دل گرفتگی کی کیفیت کا اظہار انتہائی سخت الفاظ میں کر ڈالا۔ دوسری طرف اصفہان ، یزد ، شیراز اور تبریز کا ذکر بے حد شوق سے کیا ہے ۔شعر ملاحظہ فرمائیں :

غالب از خاکِ کدورت خیز هندم دل گرفت
اصفهان هی ، یزد هی ، شیراز هی ، تبریزهی (ایضاً، ۴۴۵)

غالب جب بھی پریشان حال ہوتے اور انکی طبیعت مکدر ہوتی تو ہندوستان اور یہاں کے لوگوں سے اکتاتے ہوئے اس خواہش اور آرزو کا اظہار کرتے ہیں کہ کاش ایران و عجم کی سرزمین اور فضاؤں میں گم ہو جاؤں اور ایک آوارہ پنچھی کی مانند وہاں کی آب و ہوا میں کھو جاؤں :

گرفته خاطر غالب ز هند و اعیانش
برآن سرست که آوارۂ عجم گردد (ایضاً، ۲۴۷)

ایک دوسری جگہ بھی غالب کی یہی کیفیت ہے ، پریشان حال اور دل گرفتہ ان کے نزدیک ان کی شاعری اور قوت گویائی بسمل جیسی ہوئی جاتی ہے ۔ ہندوستان میں معیاری شعر کی قدر کرنے والا کوئی شخص موجود نہیں ہے اور کوئی شعر شناس دکھائی نہیں دیتا۔ وہی خواہش و آرزو کہ ہندوستان کی آب و ہوا سے نکل کر اصفہان اور شیراز کے ماحول میں زندگی بسر کر سکیں جہاں ان کے بقول شعر شناس اور ادب پرور بے شمار ہیں۔

غالب از آب و هوای هند بسمل گشت نطق
خیز تا خود را به اصفهان و شیراز افگنم (ایضا، ۳۷۱)

ہندوستان سے اصفہان کو کوچ اور ہجرت کی خواہش اور نجف میں مرنے کی آرزو۔ یہ وہ ارمان تھے جو غالب کے فارسی کلام میں محسوس کیے جا سکتے ہیں ۔ نجف میں مرنے کی آرزو میں تو مذہبی عقائد کا دخل بھی ہوسکتا ہے لیکن ہندوستان سے گریز اور اصفہان کو ہجرت کی خواہش

کی ضرورت کیوں پیش آئی اور اس کے عوامل کیا تھے ؟ شاید وہی کہ اصفہان فارسی شاعری اور ادب پروری کے لیے مشہور شہر رہا ہے۔ غالب کا شعر ملاحظہ فرمائیں:

غالب از هندوستان بگریز، فرصت مفتِ تست
در نجف مردن خوشست و در صفاهان زیستن (غالب،۱۹۶۹:۳۸۶)

غالب دین اور مذہب کے عالم نہیں ہیں وہ کہتے ہیں کہ یہ درست ہے کہ مجھے دین کے اسرار و رموز سے آگاہی نہیں ، اس حوالے سے مجھے معذور سمجھا جائے ۔ درحقیقت میری سرشت اور نہاد عجمی اور ایرانی جبکہ رہن سہن ، زندگی کا اسلوب اور شیوۂ حیات عربی ہے :

رموز دین نشناسم درست و معذورم
نهاد عجمی و طریق من عربی است (ایضاً، ۱۹۶۹: ۱۳۹)

غالب نے فارسی شاعری کے علاوہ اردو میں بھی انتہائی عمدہ شاعری کی ہے۔ اگر ہم غالب کے اردو کلام کا بغور مطالعہ کریں تو ہم دیکھتے ہیں کہ وہاں غالب پر یہ کیفیت طاری نہیں ہے۔ غالب نے اپنے اردو دیوان میں ایک جگہ بھی اس بات کا اظہار نہیں کیا ہے کہ ہندوستان سے اس کی طبیعت اچاٹ ہے اور وہ شیراز ، تبریز اور اصفہان میں زندگی گزارنا چاہتا ہے ۔ یہاں کی آب و ہوا اس کی فکری و ذہنی نشو و نما کے لیے نا موزوں ہے ۔ یہاں شعر شناس اور شعر دوست حضرات کی کمی ہے ۔ غالب نے اپنے فارسی دیوان میں اپنی فارسی شاعری سے متعلق جس رائے کا اظہار کیا ہے اور جس طرح سے اسے اپنی اردو شاعری کی نسبت بہتر خیال کیا ہے ۔ اس سے سبھی اہل علم حضرات واقف ہیں۔ ان کا یہ شعر زبان زدِ خاص و عام ہے :

فارسی بین تا ببینی نقش های رنگ رنگ
بگذر از مجموعۂ اردو که بی رنگ من است

غالب نے مذکورہ شعر اپنے فارسی دیوان میں لکھا ہے ۔ اور یہاں اپنی فارسی شاعری کو

اردو تکرار سے بہتر خیال کیا ہے۔ جبکہ اردو دیوان میں غالب نے فارسی شاعری کے مقابلے میں اپنی اردو شاعری کے گُن گائے ہیں۔ غالب یہ کہتے ہیں کہ اگر کوئی یہ سوال کرے کہ اردو شاعری کس طرح فارسی شاعری سے بڑھ کر ہوسکتی ہے تو زیادہ بحث کی ضرورت نہیں۔ بس غالب کا کوئی اردو شعر اسے ایک بار پڑھ کر سنا دیجئے بات خود واضح ہو جائے گی:

جو یہ کہے کہ ریختہ کیوں کہ ہو رشکِ فارسی؟
گفتۂ غالب ایک بار پڑھ کے اسے سنا کہ یوں (غالب،۱۹۹۸:۵۶)

غالب کے اردو دیوان میں کہیں بھی شیراز، اصفہان، تبریز اور یزد کا ذکر اس طرح سے نہیں ملتا، جس شوق سے اس نے ان شہروں کا ذکر انہوں نے اپنے فارسی دیوان میں کیا ہے۔ اردو دیوان میں ایک جگہ ہندوستان سے باہر جانے کی خواہش کا اظہار کیا ہے اور وہ بھی اس طرح سے:

لکھنو آنے کا باعث نہیں کھلتا، یعنی
ہوس سیر و تماشا، سو وہ کم ہے ہم کو

مقطع سلسلۂ شوق نہیں ہے یہ شہر
عزم سیر نجف و طوف حرم ہے ہم کو (ایضاً،۵۸)

مآخذ:

☆ غالب، میرزا اسد اللہ خان (۱۹۶۹)؛ غزلیات فارسی، بہ تصحیح سید وزیر الحسن عابدی؛ لاہور: پنجاب یونیورسٹی۔

☆ ایضاً (۱۹۹۸)؛ دیوان غالب، بہ تصحیح ڈاکٹر سید معین الرحمٰن؛ لاہور: مکتبۂ اعجاز۔

Majallah-e-Tahqiq
Research Journal of
the Faculty of Oriental Learning
Vol: 30, Sr.No.77, 2009, pp 39 -62

مجلّہ تحقیق
مجلۂ کلیۂ علوم شرقیہ
جلد ۳۰، شمارہ ۷۷، اکتوبر۔دسمبر ۲۰۰۹ء

مسعود سعد سلمان

شاعرِ زندان

ڈاکٹر محمد ناصر☆

Abstract:

Masood Sa'ad Salman is ranked among the greatest poets in the history of Persian literature. His forefathers belonged to Hamedan, Iran, but he was born in Lahore. He had great love for his place of birth. Due to some conspiracies, he was kept in prison and solitary confinement for almost two decades. During this difficult time he wrote some unforgettable verses which still remind us of his bitter life and more over expose his innocense. In this article, the poetry of Masood Sa'ad Salman has been critically evaluated and introduced. Some stunning examples from his passionate poetry have also been rendered. Furthermore, the writer has also mentioned the views of some prominent literary critics, both form past and present.

Key words: Masood Sa'ad, Persian poetry, Style, Salient features.

قید اپنی ذات میں مرتکز ہو جانے کا استعارہ ہے اور غنچہ گویا حصارِ خوشبو ہے، جو خوشبو کی دیوی کو اپنے نازک پروں میں محبوس کر لیتا ہے۔ کبھی تو یہ حصار نازک پنکھڑیوں کے روپ میں ہوتا ہے، اور کبھی سنگلاخ آہنی فصیلوں کی صورت میں۔ ہماری مذہبی، سماجی، سیاسی اور ادبی تاریخ میں ایسے کئی عظیم نام درج ہیں جن کی خوشبو کو زمانے کے ظالم ہاتھوں نے حبس میں رکھنا

☆ اسسٹنٹ پروفیسر، شعبۂ فارسی، اورینٹل کالج، پنجاب یونیورسٹی، لاہور

چاہا، لیکن ...خوشبو کے سحر اور اس کے امید بھرے پیغام کو بھلا کون سا ظالم حاکم یا آمر عصر محدود یا مسدود رکھ سکا ہے؟

قرآن کریم میں درج قصۂ یوسف اس قید کا استعارہ ہے ، جو جابر حکمران حرفِ حق کہنے والے پر مسلط کر دیتا ہے، اور کتاب حق ہی میں مذکور حضرت یونس کی حکایت خود اپنی ذات پر جبر کی مثال ہے، تو پیغمبر اکرم کی غارِ حرا میں طویل نشستیں، خود اختیار کردہ تنہائی کی علامت ہیں۔شعب ابی طالب میں گزرا ہوا مصائب و آلام سے بھرا سال معاشرے کی مسلط کردہ تنہائی ہے، تو میدانِ کربلا کی ان دیکھی دیواریں کچھ اور ہی کہانی سناتی ہیں۔کہیں حسین کربلا (۶۲۶ء۔ ۶۸۰ء)، ''شہید شریعت'' کے روپ میں تو کہیں حسین بغداد (۸۵۸ء۔ ۹۲۲ء)، ''شہید طریقت'' کی صورت میں جلوہ افروز ہوتے ہیں؛ تو کبھی سقراط، زہر کا پیالہ آبِ حیات کی مانند نوشِ جاں کر کے خود کو امر کر لیتا ہے۔

دوسری طرف ادب کے میدان کارزار میں امیر خسرو (۱۲۵۵ء ۔ ۱۳۲۵ء) اور خاقانی شروانی (۱۱۲۱ء ۔ ۱۱۹۰ء)، محمد تقی بہار (۱۸۸۴ء۔ ۱۹۵۱ء) اور میرزادہ عشقی (۱۸۹۳ء۔۱۹۲۴ء)، ناظم حکمت (۱۹۰۲ء۔ ۱۹۶۳ء) اور عارف قزوینی (۱۸۸۲ء۔ ۱۹۳۴ء)، بہادر شاہ ظفر (۱۷۷۵ء۔ ۱۸۶۲ء) اور واجد علی شاہ (۱۸۲۲ء۔ ۱۸۸۷ء)، مرزا اسد اللہ خان غالب (۱۷۹۷ء۔ ۱۸۶۹ء) اور مولانا حسرت موہانی (۱۸۷۵ء۔ ۱۹۵۱ء)، فرخی یزدی (۱۸۸۷ء۔ ۱۹۳۹ء) اور مولانا ابوالکلام آزاد (۱۸۸۸ء۔ ۱۹۵۸ء) اور علی برادران یعنی مولانا محمد علی جوہر (۱۸۷۸ء۔ ۱۹۳۱ء) اور مولانا شوکت علی (۱۸۷۳ء۔ ۱۹۳۸ء) سبھی نے پس زندان وقت گزارا، وطن سے دوری کی اذیت جھیلی، دیارِ غربت کا غم سہا،اور اپنی ذات کے ہنر کو درد کی

کٹھالی میں کندن کیا۔ جدید دور میں احمد ندیم قاسمی (۱۹۱۶ء۔ ۲۰۰۶ء)، فیض احمد فیض (۱۹۱۱ء۔ ۱۹۸۴ء) اور احمد فراز (۱۹۳۱ء۔ ۲۰۰۸ء) بھی اس لذت غیر مترقبہ سے محروم نہیں رہے۔ گویا ''حبسیہ ادب'' کی روایت نئی بھی نہیں اور ابھی ناتمام بھی ہے۔

برصغیر کے حبسیہ ادب میں بالعموم اور حبسیہ شاعری میں بالخصوص، ایک بہت بڑا نام مسعود سعد سلمان (۴۳۸ھ۔ ۵۱۸ھ ق/ ۱۰۴۶ء۔) کا ہے، جس کے اشعار رقت کلام، زورِ بیان، جذبۂ درونی اور اثر آفرینی میں اپنا ثانی نہیں رکھتے۔ ڈاکٹر غلام حسین یوسفی کے بقول: ''مفہوم، احساس اور جذبات وعواطف کے ابلاغ میں مسعود کو اس حد تک غیر معمولی ملکہ حاصل ہے کہ اس کا اثر قاری کو ہلا کر رکھ دیتا ہے۔'' (یوسفی؛۱۹۹۴:۱۰۴)

مسعود کی زندگی کے اٹھارہ سنہرے سال قید و بند کی صعوبتیں برداشت کرتے گزرے، کہتا ہے۔

هفت سالم به کوفت سو و دهک
پس از آنم سه سال قلعهٔ نای
(مسعود سعد سلمان؛۱۹۸۴:۴۲۱)

کہیں اپنے بے گناہی کا اظہار یوں کرتا ہے:

همی ندانم خود را گناهی و جرمی
مگر سعایت و تلبیس دشمن مکار
(۱۹۸۴:۲۲۷)

تو کبھی بادشاہ کے جذبۂ عفو کو بیدار کرنے کی ناکام سعی کچھ اس انداز میں کرتا ہے:

بندہ مسعود سعد سلمان را
بی گناہ در سپرد مکاری
کہ نکردہ است آن قدر جرمی
کہ برد بلبلی بہ منقاری
(۴۰۲_۴۰۳:۱۹۸۴)

کبھی اپنی عاجزی و بے بسی کا اظہار یوں کرتا ہے:

واللہ کہ چو گرگ یوسفم واللہ
برخیرہ ہمی نہند بہتانم
گر ہرگز ذرہ ای شر باشد
در من نہ ز پشت سعد سلمانم
(۲۹۶:۱۹۸۴)

کبھی بادشاہ سے یوں مخاطب ہوتا ہے:

در بندِ تو ای شاہ! ملکشہ باید
تا بند تو پای تاجداری ساید
آنکس کہ ز پشت سعد سلمان آید
گر زہر شود ملک تو را نگزاید
(۵۷۸:۱۹۸۴)

کبھی خود ہی امید کی قندیل روشن کر لیتا ہے:

مظلومم و خیزد از تو انصافم

بیمارم و باشد از تو درمانم

(۱۹۸۴: ۲۹۷)

اس کے اشعار خود اس کی کہانی سناتے ہیں:

تاری از موی من سپید نبود

چون بہ زندان مرا فلک بنشاند

ماندم اندر بلا و غم چندان

کہ یکی موی من سیاہ نماند

(۱۹۸۴: ۴۸۹)

اس کے کلام کی رقت، سوز و گداز اور جذبات کا وفور بے مثال ہیں، فارسی ادب ہی کیا بلکہ عالمی ادب میں ان کی نظیر ملنا دشوار ہے۔ مسعود کی شاعری اور اس کے فن نے ہر دور میں ہر طرح کے ناقدین سے داد پائی ہے۔

متعدد تذکرہ نویسوں نے مسعود کی جائے پیدائش کے ضمن میں ہمدان کا ذکر کیا ہے، جو غلط ہے۔ مسعود کے اجداد کا تعلق اگرچہ ہمدان سے تھا لیکن وہ لاہور میں پیدا ہوا۔ وہ اپنی دل انگیز شاعری میں متعدد مقامات پر لاہور کا ذکر بڑے جذباتی انداز میں کرتا ہے:

ای لاوہور ویحک بی من چگونہ ای

بی آفتابِ روشن، روشن چگونہ ای

ناگہ عزیز فرزند از تو جدا شد ست
با درد او بہ نوحہ و شیون چگونہ ای
(۳۹۸:۱۹۸۴)

اس کی زندگی اور اس کی شاعری دونوں دو ادوار پر مشتمل ہیں، ''تاریخِ شعر و سخنورانِ فارسی در لاہور'' میں لکھا ہے:

''مسعود کی زندگی اور شاعری کے دو پہلو ہیں، اس کی زندگی کا پہلا حصہ عشق و سرمستی اور شاعری کا پہلا دور قصیدہ گوئی پر مشتمل ہے، جب کہ زندگی کا دوسرا حصہ مصائب و آلام اور شاعری کا دوسرا دور حبسیات پر مبنی ہے، جو اس نے قید کے دوران کہے۔'' (یمین لاہوری؛۱۹۷۱:۸۳)

مسعود کی زندگی کا ابتدائی حصہ آرام و آسائش اور سکھ چین سے عبارت تھا، یہ وہ دور تھا جب مسعود خود کئی شاعروں کا ممدوح تھا۔ قابل ذکر پہلو یہ ہے کہ مسعود کی مسرت و انبساط کے عہد کی شاعری میں عامیانہ پن اور سطحی جذبات نمایاں ہیں، جب کہ مسعود کی شاعری کا کمال یا اس کے فن کی معراج، اس کے حبسیات ہی ہیں۔

رشید الدین وطواط (۱۰۸۸ء۔۱۱۸۲ء) جو بہترین شعری ذوق کا حامل تھا اور فارسی ادب کی تاریخ کا عظیم نقاد مانا جاتا ہے، نے اپنی یادگار تصنیف ''حدائق السحر و دقائق الشعر'' میں حبسیات مسعود کو ''کلامِ جامع'' قرار دیتے ہوئے لکھا ہے کہ ''عجمی شعرا میں سے کوئی بھی شاعر اس میدان میں اُس کی گرد کو بھی نہیں پہنچتا، نہ ہی مفہوم کی دلکشی میں اور نہ ہی الفاظ کے غیر معمولی انتخاب میں۔'' (وطواط؛ ۱۹۲۹:۲۹)

واضح رہے کہ رشید الدین وطواط نے اپنی کتاب میں صرف عرب شعراء (اہلِ زبان)

کی مثالیں دیں ہیں۔ مسعود وہ واحد غیر عرب یا عجمی شاعر ہے، جس کے عربی اشعار کو درج کرنا وطواط نے مناسب خیال کیا ہے۔ (وطواط؛ ۱۹۲۹: ۳۰)

ابوالقاسم حریری (۱۰۵۴ء۔۱۱۲۲ء) نے اپنی مشہور زمانہ تصنیف ''مقاماتِ حریری'' میں مسعود کی مدح کی ہے ، حریری جیسے صاحبِ طرز ادیب کا مسعود کو خراجِ تحسین پیش کرنا بھی اہمیت سے خالی نہیں ہے۔

مسعودِ تمام اصنافِ سخن میں مہارتِ تامہ کا حامل تھا۔ غزنوی اور سلجوقی ادوار تک کی فارسی شاعری کی جملہ خصوصیات مسعود کی شاعری میں جمع ہوگئی ہیں۔

وہ خود بھی اپنی عظمت اور جامعیت کلام سے آگاہ تھا۔ بجا طور پر کہتا ہے:

به نظم و نثر کسی را گر افتخار سزا ست
مرا سزا ست که امروز نظم و نثر مرا ست
به ہیچ وقت مرا نظم و نثر کم نشود
که نظم و نثرم دُر است و طبعِ من دریا ست

(۷۱:۱۹۸۴)

گویا اسے نظم و نثر دونوں میں مہارت حاصل تھی، ناصر ہیری دیوانِ مسعود کے دیباچہ میں لکھتا ہے: ''وہ میدانِ نظم کا شہسوار تھا، اور نثر میں بھی بے مثال مہارت رکھتا تھا۔'' (ہیری؛۱۹۸۴ء: پانزدہم و شانزدہم)

مسعود کا فارسی دیوان، عظیم صوفی شاعر حکیم سنائی غزنوی (۱۰۸۰ء۔ ۱۱۳۱ء) نے مرتب کیا، جو بجائے خود ایک اعزاز ہے۔

مسعود نے ہندی ثقافت کے زیرِ اثر نہ صرف رائج اصنافِ سخن میں مقامی رنگ کی جھلک دکھائی، بلکہ شاعری میں مقامی زبانوں کے الفاظ کے استعمال کو بھی رواج دیا۔ مسعود کی شروع کردہ اس سنہری روایت کو بعد ازاں امیر خسرو (۱۲۵۵ء۔ ۱۳۲۵ء) نے مرحلۂ کمال تک پہنچایا۔ یاد رہے کہ کچھ نقاد مسعود سعد ہی کو اردو کا پہلا شاعر بھی قرار دیتے ہیں، اگر چہ اُس کے غالبًا اردو میں کہے گئے اشعار دستبرد زمانہ کی نذر ہو چکے ہیں۔

مسعود سعد سلمان کو عربی اور فارسی دونوں زبانوں پر مکمل عبور حاصل تھا، جس کا اظہار وہ برملا کرتا ہے:

زبان دولت عالی بہ بندہ داد پیام
کہ ای تو را دو زبان پارسی و تازی رام
بدان دو چیرہ زبان چون ثنا کنی بر شاہ
تو را ثنا بود اندر جہان ز خاص و ز عام
(۲۹۲:۱۹۸۴)

اس کے ساتھ ساتھ مسعود نے کچھ نئی اصنافِ سخن بھی متعارف کروائیں۔ جن میں بارہ ماہیا، شہر آشوب (مسعود سعد؛ ۱۹۸۴: ۵۳۸۔۵۲۳) اور مستزاد شامل ہیں۔ فارسی شاعری کی تاریخ کا قدیم ترین دستیاب مستزاد، جو سلطان مسعود کی مدح میں ہے، مسعود ہی کا ہے، جو معنوی اعتبار سے بعد میں لکھے جانے والے مستزاد سے منفرد اور ممتاز ہے۔ (مسعود سعد؛ ۱۹۸۴: ۴۵۵) مسعود ہی وہ شاعر ہے جس نے ''چیستان'' (مسعود سعد؛ ۱۹۸۴: ۳۱۲) کو قصیدے میں شامل کیا۔ گویا ہم مسعود کو جدت کا شاعر قرار دینے میں حق بجانب ہیں۔

حافظ شیرازی (۱۳۱۵ء۔۱۳۹۰ء) کو بجا طور پر فارسی کی ادبی تاریخ کا لازوال شاعر اور بالخصوص فارسی غزل کا تاجدار کہا جاتا ہے، حافظ نے مندرجہ ذیل شعر ردیف کی تبدیلی کے ساتھ اپنے دیوان میں درج کیا اور اسے فارسی غزل ایک اور عظیم شاعر کمال الدین اصفہانی سے منسوب کیا:

گر برکنم دل از تو، بردارم از تو مہر
آن مہر بر کہ افگنم، آن دل کجا کنم

(۲۹۰:۱۹۸۴)

جب کہ یہ شعر مسعود سعد سلمان کا ہے۔ حافظ سے پہلے کمال اصفہانی نے بھی اس شعر کو اپنے دیوان میں شامل کیا تھا، جس سے مسعود کی عظمت مزید واضح ہو جاتی ہے۔ حافظ کا خراجِ تحسین یقیناً کوئی معمولی بات نہیں۔

مسعود سعد کے دور کی رائج ترین صنف قصیدہ تھی، جو ایک مصنوعی صنفِ سخن ہے۔ مسعود نے قصیدے کو ایک نیا رنگ دیا۔ اس کے بیشتر قصائد بے جا تصنّع، بھدی بناوٹ اور تکلیف دہ مبالغہ سے پاک ہیں۔ ان کی جگہ اس کے ہاں اخلاص، دردمندی اور جذبے کی سچائی کی جھلک دکھائی دیتی ہے۔

مسعود نے مرثیہ پر بھی طبع آزمائی کی۔ اس میدان میں بھی اس کی انفرادیت نمایاں ہے۔ اکثر شعراء نے محض درباری ضرورت کے تحت رسمی مرثیے لکھے ہیں، لیکن مسعود کے ہاں ایسا دکھائی نہیں دیتا۔ اس نے اپنے کچھ قریبی دوستوں کے اثر انگیز مرثیے لکھے، جن میں ذاتی درد نمایاں ہے۔ ناصر ہیری کے بقول'' اس کے اشعار نایاب ہیرے کی طرح دلفریب اور یتیموں کی آہ وفغاں کی طرح دلسوز اور شورانگیز ہیں، یہ ایک دکھی شاعر کی شعلے برساتی ہوئی باتیں ہیں، جو پتھر کے دل کو بھی پگھلا دیتی ہیں۔'' (ہیری؛۹۸۴ء: سی ام)

لہجے کی یہی صداقت اس کے حبسیات کی روح ہے، جو قاری کو اپنے سحر سے آزاد نہیں ہونے دیتی۔ نظامی عروضی سمرقندی (۱۱۱۰ء۔ ۱۳۱۶۱ء) نے لکھا ہے کہ ''کبھی یوں بھی ہوتا ہے کہ میں اُس کے اشعار پڑھ رہا ہوتا ہوں اور میرے بدن کے رونگھٹے کھڑے ہو جاتے ہیں، اور آنکھوں سے پانی بہہ نکلتا ہے۔'' (نظامی عروضی سمرقندی؛ ۱۹۹۳: ۷۲)

تمام ناقدینِ ادب مسعود کی صداقت اظہار کے قائل ہیں۔ تاریخ ادبیات ایران میں لکھا ہے کہ ''مسعود سعد کی شاعری کی سوزناکی اور دلخراشی کا باعث یہی حقیقت ہے کہ اُس نے آپ بیتی بیان کی ہے، محض تصورات کو الفاظ کا روپ نہیں دیا۔ شنیدہ کی بود مانند دیدہ۔'' (رضا زادہ شفق؛ ۱۹۶۳: ۱۶۱)

عبدالحسین زرین کوب کی رائے بھی اس سے مختلف نہیں۔'' مسعود کی حبسیہ شاعری کا خمیر اُس کے باطنی کرب اور ذاتی دکھ سے اٹھا ہے، درحقیقت شاعر نے مصائب و مشکلات سے بھرپور اپنی سرگزشت بیان کی ہے۔'' (زرین کوب، عبدالحسین؛ ۱۹۹۴: ۱۱۸)

مسعود نے وہی کچھ لکھا، جو اس نے دیکھا اور محسوس کیا۔ اس کی شاعری کا یہ وصف اسے ایک منفرد مقام عطا کرتا ہے۔

چشمۂ روشن میں درج ہے کہ ''مسعود سعد کی شاعری اُس کی روح کا قصہ ہے، یہ اُس کے دکھی دل کی آہ و فریاد ہے۔'' (یوسفی، غلام حسین؛ ۱۹۹۴: ۱۰۴)

مسعود کے ابتدائی دور کے اشعار میں خوشیاں ، مسرتیں، خوشبوئیں، رنگ اور تتلیاں اپنی تمام خوبصورتی کے ساتھ جلوہ فگن ہیں۔ فطرت سے محبت تو ویسے بھی اس دور کی شاعری کا طرۂ امتیاز ہے۔ مسعود، منوچہری دامغانی (وفات ۱۰۴۰ء) ہی کی طرح فطری حسن سے عشق کی حد تک لگاؤ رکھنے والا شاعر ہے، اُس نے قدرتی مناظر کا نقشہ کچھ یوں کھینچا ہے کہ تصویر

آنکھوں کے سامنے مجسم ہو جاتی ہے۔ قاری اُس کا کلام پڑھتے ہوئے پھولوں کی خوشبو، پانی کی روانی اور پرندوں کے مسحور کُن نغموں سے بہ یک وقت لطف اندوز ہوتا ہے۔

مسعود کے یہ اشعار اس دعوے کی تصدیق کرتے ہیں:

گل موردِ خندان و دیدہ بگشادہ
دو طبعِ مختلفش دادہ فصل باد و سحاب
بہ سان دویست کہ یابد وصالِ یارِ عزیز
پس از فراقِ دراز و پس از عناد و عذاب
ہزار دستان با فاختہ گمان بردند
کہ گشت باران در جام لالہ بادۂ ناب
(۱۹۸۴:۶۰_۵۹)

مسعود کے ہاں موسیقی کا شعور بھی ہے اور رنگوں کا ادراک بھی۔ وہ فطرت کو اس کے حقیقی روپ میں دیکھتا ہے۔ مسعود کے ایام مسرت کے اشعار میں بھی شیفتگی و وارفتگی نمایاں ہے۔ اس کے ابتدائی دور کی شاعری ہمیں انگریزی ادب کے عظیم شعرا ولیم ورڈز ورتھ (۱۷۷۰ء۔۱۸۵۰ء) اور پرسی شیلے (۱۷۹۲ء۔۱۸۲۲ء) کی یاد دلاتی ہے۔

سادگی، روانی، سلاست، جزالت، موسیقیت اور ترنم مسعود کی شاعری کے اہم اجزا ہیں۔ مسعود کی شاعری، سبکِ خراسانی کا عروج ہے۔ اس کے اشعار سبکِ خراسانی کے جملہ عیوب سے عاری ہیں۔ اگر اسے سبکِ خراسانی و سبکِ عراقی کا نقطۂ اتصال قرار دیں تو بے جا نہ ہو گا۔ وہ منتخب کلمات کو فنکارانہ مہارت کے ساتھ استعمال کرتا ہے، تاریخِ ادبیات در ایران

میں لکھا ہے کہ ''مفہوم کے ابلاغ میں مناسب ترین الفاظ کا استعمال، اس کی مہارت اور استعداد کا منہ بولتا ثبوت اور نا قابل انکار حقیقت ہے۔'' (صفا، ذبیح اللہ؛ ۱۹۹۴: ۴۸۹/۲)

مختلف شعرا نے قصیدے کے مختلف اجزا پر توجہ دی ہے۔ مسعود نے ''تشبیب'' پر خاص توجہ دی ہے، جو غزل کی بنیاد ہے۔ بلاشبہ اس کی تشابیب بہت زور دار ہیں۔ اسی سبب سے اس کے ہاں غزلیات کی تعداد کم ہونے کے باوجود تغزل کی کوئی کمی نہیں۔

مسعود کے ہاں ''گریز'' کے بھی نہایت عمدہ شعر ملتے ہیں، لیکن وہ مدح میں اتنے زور دار شعر نہیں کہ پایا، یہ اس کی خامی بھی ہے اور خوبی بھی۔

''مدعا'' میں اس نے حسبِ حال شکوائیہ شاعری کی ہے، یہی حصہ حبسیہ کہلاتا ہے، جس میں مسعود کا کوئی ثانی نہیں۔ اس اعتبار سے اُس نے قصیدے کو معنوی اعتبار سے بے پناہ وسعت دی ہے۔

مسعود سعد کے ہاں مختصر، مترنم اور آسان بحور بکثرت ملتی ہیں، کچھ مثالیں ملاحظہ فرمائیں:

خویشتن را سوار باید کرد
بر سخن کامگار باید کرد
(۱۹۸۴: ۱۳۱)

ہیچ کس را غم ولایت نیست
کارِ اسلام را رعایت نیست
(۱۹۸۴: ۷۴)

گردشِ آسمانِ دائرہ وار
گاہ آرد خزان و گاہ بہار
(۲۴۸:۱۹۸۴)

چونکہ مسعود کے ہاں سبک عراقی کی ابتدائی جھلکیاں بھی دکھائی دیتی ہیں، اس لیے منفرد اور مشکل ردیفیں بھی ملتی ہیں۔ ''آتش و آب'' بھی ایک ایسی ہی ردیف ہے:

نشستہ ام ز قدم تا سر، اندر آتش و آب
توان نشستن ساکن چنین در آتش و آب
می نخسبم شبہا و چون تواند گفت
کسی کہ دارد بالین و بستر آتش و آب
(۴۸:۱۹۸۴)

تغزل کے دو خوبصورت شعر دیکھیے:

از قد تو سرو بوستان سازم
از خد تو ماہ آسمان سازم
(۳۰۴:۱۹۸۴)

دلم از قحطِ مہر خشک شدہ است
بر دلم سود مند باران باش
(۵۶۰:۱۹۸۴)

مسعود نے نادر تشبیہات، اچھوتے استعارے اور خوبصورت تراکیب کو متعارف کروایا۔ اس کے قصائد بھی غزل سے قریب تر ہیں۔اس دور میں کسی ایک چیز کی تعریف یعنی

''وصف نگاری'' کا رواج ہو چلا تھا، مسعود کے ہاں بھی ایسے اشعار ملتے ہیں، مثلاً ''وصفِ اسب'' (۱۹۸۴: ۴۶۰)، ''وصف تیغ'' (۱۹۸۴: ۴۹۷) اور ''وصف قلم'' (۱۹۸۴: ۲۸۲) وغیرہ۔

ایک مدح گو شاعر کی حیثیت مسعود سعد سلمان، سعدی شیرازی (۱۲۱۳ء۔ ۱۲۹۱ء) کا پیشرو معلوم ہوتا ہے۔ اس نے کسی ایسے شخص کا قصیدہ نہیں کہا، جسے جانتا نہ ہو۔ کہتا ہے:

کسی کہ خانہ و خوانش ندیدہ ام ہرگز
بہ مدحِ او سخنِ چربِ و خوش چرا رانم؟
(۱۹۸۴: ۳۰۳)

لہجے کی بے باکی ملاحظہ کیجیے:

بہ تکلف چنین سخن خیزد؟
در ثنایِ کسی، ز طبعِ کسی؟
(۱۹۸۴: ۵۱۷)

ہست معلوم او کہ در خدمت
من ز ہیچ کس مزد نستانم
(۱۹۸۴: ۲۸۴)

مسعود کے ہاں مدح کا اندازہ منفرد ہے، اس کی تشبیہات اور استعارات بے مثال ہیں:

قیاسِ لشکرت نتوانِ گرفتن
کہ یک مردِ تو در مردی ہزار است
(۱۹۸۴: ۶۷)

بر من احسانِ تو فراوان شد
اندکِ چون توئی فراوان است
(۷۱:۱۹۸۴)

مسعود کے ہاں اپنے معاصرین کے مقابلے میں کہیں زیادہ فخریہ اشعار ملتے ہیں، جو بجا ہیں۔ مسعود ایک بھرپور شخصیت کا مالک تھا، وہ وجیہ، شجاع، سخی، بہترین منتظم، شفیق، صاف گو اور عالم و فاضل شخص تھا۔ وہ اپنے علم و فضل پر سب سے زیادہ فخر کرتا ہے اور پھر اپنے اخلاق و کردار پر، جو اُس عہد میں ایک غیر معمولی بات ہے، کہتا ہے:

نہ چو من بود یک ثنا گستر
نہ چو من ہست یک سخن پیرای
(۴۲۱:۱۹۸۴)

من آن کسم کہ گہِ نظم ہیچ گوینده
بہ لفظ و معنی چون من ندارد استقلال
گہی بہ نثر فشانم و لفظ دُرِ ثمین
گہی بہ نظم نمایم ز طبع سحر حلال
(۲۶۴:۱۹۸۴)

عالی ہمتی، بلند حوصلگی، خود داری اور اعلیٰ ظرفی اس کی شاعری کے اہم موضوعات ہیں:

تو با زمانہ اگر بس نیامدی شاید
کہ ہیچ مرد ہنر با زمانہ بس ناید
(۴۸۷:۱۹۸۴)

ایک جگہ یوں سخن طراز ہے:

شکر و منت خدای عالم را
کہ مرا داد از ہنر چندان
(۳۵۰:۱۹۸۴)

وہ فخریہ اشعار میں بھی اپنی ذاتی زندگی کی بے مثال عکاسی کرتا ہے:

نکنم جز دعای نیک آری
کار چون من کسی دعا باشد
(۱۰۱:۱۹۸۴)

جاہم جو بکاہد خرد فزاید
کارم چو ببندد سخن فزاید
ہر جای کہ مسعود سعد باشد
کس با او پہلو چگونہ ساید
(۱۰۹:۱۹۸۴)

روزی کہ راحتی نرسد از من
مر خلق را، ز عمر نپندارم
(۳۰۲:۱۹۸۴)

مسعود سعد کی شاعری کا دوسرا دور کہیں زیادہ اہم ہے۔ حبسیہ شاعری میں وہ اپنا ثانی نہیں رکھتا۔ حبسیات مسعود کے بارے میں چند آراء دیکھیے:

مجمع النوادر (چہار مقالہ) میں لکھا ہے: ''اربابِ دانش و اصحابِ انصاف جانتے ہیں

کہ حبسیہ شاعری میں مسعود کا درجہ کتنا بلند ہے، اور فصاحت میں اس کا کیا مقام ہے۔''

(نظامی عروضی سمرقندی؛ ۱۹۹۳ا:۷۲)

یان رپکا لکھتے ہیں: ''قید خانے میں کہے گئے اُس کے اشعار فارسی شاعری کے یادگار ترین آثار میں سے ہے۔'' (رپکا؛ ۱۹۹۱: ۳۰۴)

آربری کے بقول: ''انھی حبسیات کے باعث مسعود سعد کا نام ہمیشہ زندہ رہے گا۔''

(آربری؛ ۱۹۹۲: ۱۰۹)

مسعود کے حبسیات کی نمایاں خصوصیت اس کی امید پسندی ہے، وہ بلاشبہ ''فاتحِ سومناتِ نفس'' ہے، اس کے حبسیہ اشعار فارسی شاعری کا بے بہا گنجینہ ہیں:

اشک من و رخسار تو ہم رنگ شدہ است
روز من و زلف تو شبہ رنگ شدہ است
گیتی بر من چون دہنت تنگ شدہ است
ہمچون دل تو جان من از سنگ شدہ است

111000(۲۹۶:۱۹۸۴)

شاعر کی لاچاری اور بے بسی کی تصویر سامنے آجاتی ہے، جو اس کی عظمت کی گواہی دیتی ہے، کہتا ہے:

مردہ ای ام چو زندہ ای امروز
خفتہ ای ام بہ سان بیداری
(۴۰۲:۱۹۸۴)

خار اندام گشت پیرہنم
موی مالیدہ گشت دستارم
کہ بہ ہر قلعہ ای و زندانی
در دو گز بیش نیست رفتارم
(۲۷۹:۱۹۸۴)

مسعود سعد ہی کی طرح خاقانی شروانی (۱۱۲۱ء۔۱۱۹۰ء) نے بھی حبسیہ اشعار کہے ہیں، جن کا موازنہ خاصا دلچسپ ہے۔ تمام تر دانش وحکمت کے باوجود خاقانی کے ہاں وہ بے تکلفی اور سادگی دکھائی نہیں دیتی، جو مسعود سعد کی شاعری کا خاصہ ہے۔ خاقانی کی زبان ثقیل، دشوار اور روزمرہ سے دور ہے، جب کہ مسعود نے انتہائی سادہ الفاظ میں گویا دل کھول کر رکھ دیا ہے۔

مسعود کے آخری ایام کی شاعری پر تصوف کا رنگ غالب ہے۔ کہتا ہے:

چون بدیدم بہ دیدۂ تحقیق
کہ جہان منزل فنا ست کنون
مدتی خدمت شہان کردم
نوبت خدمت خدا ست کنون
(۵۰۸:۱۹۸۴)

آیئے فارسی ادب میں مسعود کا مقام متعین کرنے سے پہلے کچھ ناقدین کی آراء کا جائزہ لیتے ہیں:

راہنمای ادبیات فارسی میں درج ہے کہ ''مسعود بن سعد بن سلمان لاہوری، غزنوی اور سلجوقی ادوار کے عظیم ترین شاعروں میں سے ایک ہے۔'' (خانلری، زہرا؛ ۱۹۶۲: ۳۵۶)

تاریخِ ادبیات در ایران میں لکھا ہے: ''مسعود سعد ایران کے اکابر فصحا میں سے ایک ہے، وہ اُن عظیم شعرا میں شامل ہے جو اپنے فصیح و بلیغ کلام کے سبب بے حد مقبول ہیں۔'' (صفا، ذبیح اللہ؛ ۱۹۹۴: ۴۸۳)

رخسارِ صبح میں استاد کزازی لکھتے ہیں کہ ''مسعود کے حبسیات بے مثال اور بے نظیر ہیں۔'' (کزازی؛ ۱۹۸۹: ۳۶۲)

ای جی براؤن کے بقول ''قلعۂ نای میں طویل قید کے دوران کی گئی اپنی جذباتی شاعری اور غیر معمولی اخلاص کی بنا پر مسعود سعد ہمیشہ یاد رکھے جانے کے قابل ہے۔'' (براؤن؛ 1964 :324)

رشید یاسمی کہتے ہیں کہ '' اُس کے آتشیں اشعار نے مجھے اس حد تک دیوانہ بنا رکھا ہے کہ میں بارہا اُس کا دیوان پڑھ چکا ہوں۔'' (یاسمی، رشید؛ ۱۹۹۵: ۲۹)

مسعود سعد کے بعد آنے والے متعدد شعرا نے اُس کی شان میں شعر کہے ہیں۔(۱) کسی شاعر کے لیے یہ امر کسی اعزاز سے ہرگز کم نہیں۔ بغیر کسی خوفِ تردید کے کہا جا سکتا ہے کہ مسعود سعد سلمان فارسی ادب کے عظیم ناموں میں سے ایک ہے۔ اس کا مرتبہ خصوصاً حبسیات میں بے مثال ہے۔ اس کی سلاست، جزالت، کلام کی فنی پختگی، روانی، موسیقیت ترنم، اخلاص اور عالی ہمتی کا درس خود اس کی عظمت کے گواہ ہیں۔ اس مختصر مقالے میں مسعود کا ذکر نامکمل اور اُس کی حکایت ناتمام ہے، پس اُسی کے ایک شعر پر بحث کو سمیٹتے ہیں، کس خوبصورتی سے کہتا ہے:

از قصۂ خویش اندکی گفتم
گر چہ سخن است بس فراوانم

(۱۹۸۴: ۲۹۷)

حواشی:

(۱) متعدد عظیم المرتبت شعرا نے مسعود سعد سلمان کو غیر معمولی انداز میں خراج تحسین پیش کیا ہے، جو یقیناً بے مثال ہے۔

سنائی غزنوی کہتا ہے:

شعر چون درّ تو حسود تو را
جگر و دل چو لعل و مرجان کرد
چہ دعا گویمت کہ خود ہنرت
مر تو را پیشوای دوران کرد

معزی کے بقول:

شریف خاطر مسعود سعد سلمان را
مسخر است سخن چون پری سلیمان را
ز شادی ادب و عقل او بدار سلام
ہمہ سلامت و سعد است، سعد سلمان را

بلکہ اس کی ستائش میں مبالغے کی حد تک چلا گیا ہے:

در مجلسِ بزرگانِ خالی مباد ہرگز
پیرایۂ بزرگی مسعود سعد سلمان
آن شاعرِ سخنور کز نظم او نکو تر
کسی در جہان کلامی نشنید بعد قرآن

رشیدی سمرقندی کہتا ہے:

رسید شعر تو ای تاجِ شاعران بر من
چو نو شگفتہ گل اندر بہار گرد چمن

اور ابو الفرج رونی کے بقول:

نازم بدان کہ ہستم شاگرد تو
شادم بدان کہ ہستی استاد من

(مندرجہ بالا تمام اشعار؛ منقول از: قزوینی، عبدالوہاب؛ ترجمۂ ای جی براؤن؛ (85-90: 1906

منابع:

۔آر بری، آرتھر جان (۱۳۷۱ش/ ۱۹۹۲ء) ادبیات کلاسیک فارسی، ترجمۂ اسداللہ آزاد، چاپ اول، انتشارات قدس رضوی، ایران۔

۔ باقر، محمد/ وحید مرزا (۱۹۷۱ء) تاریخ ادبیات مسلمانان پاکستان و ہند، تیسری جلد، فارسی ادب (جلد اول)، طبع اول، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، پاکستان۔

۔ حاکمی، اسماعیل (۱۳۷۳ش/ ۱۹۹۴ء) برگزیدہ اشعار مسعود سعد سلمان، انتشارات امیر کبیر، تہران، ایران۔

۔ حافظ شیرازی (۱۳۷۴ش/ ۱۹۹۵ء) دیوان غزلیات، بہ کوشش خلیل خطیب رہبر، چاپ پانزدہم، انتشارات صفی علی شاہ، تہران، ایران۔

۔خانلری کیا، زہرا (۱۳۴۱ش/۱۹۶۲ء) راہنمای ادبیات فارسی، کتابخانۂ ابن سینا، تہران، ایران۔

۔ریپکا، جان (۱۳۷۰ش/۱۹۹۱ء) تاریخ ادبیات ایران، ترجمۂ کیخسر وکشاورزی، انتشارات گوتنبرگ، تہران، ایران۔

۔زرین کوب، عبدالحسین (۱۳۷۳ش/ ۱۹۹۴ء) با کاروان حلہ، چاپ ہشتم، انتشارات علمی، تہران، ایران۔

۔شبلی، صدیق/ محمد ریاض (۲۰۰۳ء) فارسی ادب کی مختصر ترین تاریخ، سنگ میل پبلیکیشنز، لاہور، پاکستان۔

۔شفق، رضا زادہ (۱۳۴۲ش/۱۹۶۳ء) تاریخ ادبیات ایران، چاپ، انتشارات امیر کبیر، تہران، ایران۔

۔شفق، رضا زادہ (۱۳۸۳ ھ ق/ ۱۹۶۴ء) تاریخ ادبیات ایران، ترجمۂ مبارز الدین رفعت، ندوۃ المصنفین، دہلی، بھارت۔

۔شیمل، آنہ میری (۱۳۷۳ش/ ۱۹۹۴ء) ادبیات اسلامی ہند، ترجمۂ یعقوب آژند، چاپ اول، انتشارات امیر کبیر، تہران، ایران۔

۔صفا، ذبیح اللہ (۱۳۷۱ش/۱۹۹۲ء) تاریخ ادبیات در ایران، جلد دوم، چاپ دوازدہم، انتشارات فردوس، تہران، ایران۔

۔صفا، ذبیح اللہ (۱۳۷۲ش/۱۹۹۳ء) گزیدۂ چہار مقالہ، چاپ یازدہم، انتشارات امیر کبیر، تہران، ایران۔

۔کزازی، میر جلال الدین (۱۳۶۸ش/ ۱۹۸۹ء) رخسار صبح، چاپ اول، نشر مرکز، تہران، ایران۔

۔مسعود سعد سلمان (۱۳۷۴ش/ ۱۹۹۵ء) دیوان مسعود سعد سلمان، مقدمہ رشید یاسمی، انتشارات نگاہ، تہران، ایران۔

۔مسعود سعد سلمان (۱۳۶۳ش/ ۱۹۸۴ء) دیوان مسعود سعد سلمان، مقدمہ ناصر ہیرّی، چاپ دوم، انتشارات گلشائی، تہران، ایران۔

۔معین، دکتر محمد (۱۳۷۵ش/ ۱۹۹۶ء) فرہنگ فارسی، چاپ دہم، انتشارات امیر کبیر، تہران، ایران۔

۔ نظامی عروضی سمرقندی (۱۳۷۲ش/ ۱۹۹۳ء) چہار مقالہ (مجمع النوادر)، بہ تصحیح علامہ محمد قزوینی، شرح لغات دکتر محمد معین، چاپ اول، انتشارات جام، تہران، ایران۔

۔نفیسی، سعید (۱۳۴۴ش/ ۱۹۶۵ء) تاریخ نظم و نثر در ایران و در زبان فارسی، چاپ اول، کتاب فروشی فروغی، تہران، ایران،

۔ وطواط، رشیدالدین (۱۳۰۸ش/ ۱۹۲۹ء) حدائق السحر ، بہ تصحیح عباس اقبال، تہران، ایران۔

۔ ہمایی، جلال الدین (۱۳۷۳ش/ ۱۹۹۴ء) تاریخ مختصر ادبیات ایران، بہ کوشش ہمایی، ماہدخت بانو، چاپ اول، مؤسسۂ نشر ہما، تہران، ایران۔

۔ یوسفی، غلام حسین (۱۳۷۳ش/ ۱۹۹۴ء) چشمۂ روشن، چاپ پنجم، انتشارات علمی، تہران، ایران۔

۔ یمین خان (۱۹۷۱ء) تاریخ شعر و سخنوران فارسی در لاہور، از ظہور اسلام تا عصر شاہجہان، چاپ اول، غلام علی پبلشرز لاہور، نیشنل پبلشنگ ہاؤس لمیٹڈ کراچی، پاکستان۔

. Browne, E.G (1964) A Literary History of Persia, Vol II, CambridgeUniversity Press, United Kingdom.

. Qazvini, Mirza Muhammad Ibn Abdul Wahab (1906) Mas'ud Saaa'd-i-Salman, Translated by Browne, E.G., Stephen Auston and Sons Limited, United Kingdom.

Majallah-e-Tahqiq
Research Journal of
the Faculty of Oriental Learning
Vol: 30, Sr.No.77, 2009, pp 63 - 88

مجلّہ تحقیق
مجلۂ کلیۂ علوم شرقیہ
جلد ۳۰، شمارہ ۷۷، اکتوبر۔دسمبر ۲۰۰۹ء

تقوی - معیارِ تکریم و فضیلت...... تحقیقی بحث

ڈاکٹر نسیم سحر صمد☆

Abstract:

Islam is the last of the heavenly religions and the Holy Prophet Hazrat Muhammad (PBUH) is the last of the messengers of Allah Almighty. According to the Prophet (PBUH), the structure of Islam is laid on the foundation of peace and harmony. Islam does not prefer anbody for the sake of his or her colour, social status, wealth, sect, language or race. Islam firmly believes that who so ever is a good humanbeing is closer to Allah Almighty. In this article, Taqwa has been discussed as a standard of honour and dignity and in the meanwhile some new issues have been raised. Hopefully this research shall bring some new aespects to lime light.

Key words: Taqwa, Stanards of honour, New dimensions.

گذشتہ پندرہ بیس برسوں میں سائنس اور ٹیکنالوجی کے میدان میں حیرت انگیز انقلابات رونما ہوچکے ہیں۔ ذرائعِ مواصلات ناقابلِ یقین حد تک ترقی کر گئے ہیں اور ان کی بدولت کرۂ ارض سمٹ کر Global Village کی حیثیت اختیار کر چکا ہے۔

☆ پروفیسر، چیئرپرسن شعبۂ علوم اسلامیہ، لاہور کالج برائے خواتین یونیورسٹی، لاہور

لغت عربی میں 'وقی یقی' کے معنی کسی شے کے ضرر سے اپنے تیئں بچانا، پرہیز کرنا، اِجتناب کرنا کے ہیں اسی سے 'اتّقاء' ماخوذ ہے۔لغوی مفہوم ومعنی اس امر پر دالّ ہے کہ اپنے آپ کوکسی شے کے ضرر سے بچانا۔ ایسے تمام رویوں سے مجتنب رہنا جن کی بنا پر اللہ تعالیٰ کی ناراضگی اور حکم عدولی کا خطرہ ہو۔اللہ تعالیٰ کی معین کردہ حدود اور شریعت میں واضح کردہ وہ تمام امور جو'الامانۃ' اور'عہد و میثاق' کے ضمن میں شامل ہیں کی خلاف ورزی سے مجتنب رہنا تاکہ اللہ تعالیٰ کے غضب کا شکار نہ ہوں اور اللہ تبارک وتعالیٰ جو منعمِ حقیقی ہے،کی بارگاہ میں خشیت کا اظہار کرنا ۔جس کوقرآن حکیم میں کئی پیرایوں میں بیان کیا گیا ہے۔

﴿ يا أيها الّذين آمنوا إن تتّقوا الله يجعل لكم فرقاناً و يكفّر عنكم سيّئاتكم ﴾(1)

کہ اگرتم اللہ سے ڈرو گے تو اللہ تم کوحق و باطل کا امتیاز بخشے گا اورتمہارے گناہوں کو دور کردے گا۔

﴿ إلّا أن تتّقوا منهم تقاة ﴾(2)

مگر یہ کہ تم ان سے بچو جیسا کہ بچنے کا حق ہے۔

﴿ و اتّقوا فتنة لا تصيبنّ الّذين ظلموا منكم خاصّة ﴾(3)

اوراس فتنہ سے ڈرو جو تم میں سے خاص طور پر انہی لوگوں کونہیں پکڑے گا جنہوں نےظلم کیا ہوگا۔

ان آیاتِ کریمہ کی روشنی میں یہ اُمر واضح ہے کہ حدود اللہ کو توڑنے اور جو عہد باندھے گئے ہوں ان کی بے حرمتی ، اِثم وعدوان اور عصیان پر مبنی اعمال سے اللہ کے غضب کے اندیشے کی بنیاد پر بچنا تقویٰ کے مفہوم میں داخل ہے۔ امین احسن اصلاحی حقیقتِ تقویٰ کے

خلاصۂ بحث میں رقمطراز ہیں:

1- تقویٰ ہر شے کی زندگی اور اس کی ترقی کا محافظ ہے۔

2- تقویٰ زندگی کی اصل شاہراہ ہے۔ کوئی الگ چیز نہیں ہے بلکہ ہر مرحلہ زندگی کے ہم رکاب ہے۔ اس کی حیثیت بدرقہ کی ہے جو انسان کی غلط روی اور خطراتِ راہ سے بچا کر منزلِ مقصود تک پہنچاتا ہے۔

3- کسی مرحلہ میں بھی یہ زندگی کی جدو جہد اور اس کے مادی و اخلاقی ارتقاء میں مزاحم نہیں ہے بلکہ ان مزاحمتوں سے یہ زندگی کی حفاظت کرتا ہے۔ جو اس کی مادّی یا روحانی ترقی کو درہم برہم کرسکتی ہیں۔

4- تقویٰ کوئی خاص ہیئت وصورت نہیں ہے بجز اس کے کہ جبلّت اور فطرت کے اندر جو حدود بڑھنے اور رکھنے کیلئے قائم کردیے گئے ہیں ان کی پوری پاسداری کی جائے۔

ان نکات سے اس حقیقت کا پتہ چلتا ہے کہ تقویٰ عین فطرت کے اُمور کی پاسداری ہے جو نہ تو تعطل پیدا کرتا ہے، نہ ہی جائز رغبتوں، جو ضروریات سے متعلق ہوں یا کمالیات سے، کی نفی کرتا ہے۔ نہ ہی زندگی سے حرکت کو ختم کرکے اس کو جمود اور موت کا شکار بناتا ہے اور نہ ہی ردّ و قبول، ترک و اِختیار اور ہدایت و ضلالت کے فطری قانون کو باطل کرتا ہے۔(4)

حیدر زماں صدیقی کے مطابق یہ نفس کے قلبی اَحوال اور باطنی کیفیات کی درستی کا نام ہے جو ہمارے اعمالِ ظاہری کا جو ہر اور اسلامی تعلیمات کی روح ہے۔ حیدر زماں صدیقی بھی اسی موقف کی ترجمانی کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ قلب کی پراسرار قوت کس طرح درجہِ کمال کو پہنچتی ہے؟ اور کس طرح فرد کی تکمیلِ ذات کا ذریعہ بنتی ہے؟ درحقیقت اس روحانی قوت کی اِصلاح و تربیت صرف ایک چیز سے ہوتی ہے جسے قرآنی اصطلاح میں 'تقویٰ' سے تعبیر کرکے

انسانی سعادت کا واحد ذریعہ اور حیاتِ ملی کی واحد اساس قرار دیا گیا۔ (5)

سید سلیمان ندوی رقمطراز ہیں کہ ہر اچھے کام کے کرنے اور برائی سے بچنے کیلئے ضروری ہے کہ ضمیر کا احساس بیدار اور دل میں خیر و شر کی تمیز کیلئے خلش ہو، یہ تقویٰ ہے۔ پھر اس کام کو خدائے واحد کی رضامندی کے سوا ہر غرض و غایت سے پاک رکھا جائے تو یہ اِخلاص ہے ۔ اس کام کو کرنے میں صرف خدا کی نصرت پر بھروسہ رہے تو یہ توّکل ہے۔ اس کام میں رکاوٹیں اور دقتیں پیش آئیں یا نتیجہ مناسب حال برآمد نہ ہو تو دل کو مضبوط رکھا جائے اور خدا سے آس نہ توڑی جائے اور اس راہ میں اپنے بُرا چاہنے والوں کا بھی بُرا نہ چاہا جائے تو یہ صبر ہے اور اگر کامیابی کی نعمت ملے تو اس پر مغرور ہونے کی بجائے اس کو خدا کا فضل و کرم سمجھا جائے اور جسم وجان و زبان سے اس کا اقرار کیا جائے اور اس قسم کے کاموں کے کرنے میں اور زیادہ اِنہماک صرف کیا جائے تو یہ شکر ہے ۔ (6)

حضرت ابو امامہؓ روایت کرتے ہیں کہ حضورﷺ نے حجۃ الوداع میں خطاب کرتے ہوئے فرمایا:

''إتّقوا الله ربّكم ''(7)

حضرت ابوھریرۃؓ کی روایت کے الفاظ:

'' التقوىٰ هٰهنا'' و يشير إلىٰ صدره ثلاث مرار .(8)

کہ تقویٰ یہاں ہے ۔ آپﷺ نے اپنے سینہ کی طرف اشارہ کرکے تین مرتبہ فرمایا۔

حضرت ابوسعید خدریؓ سے یہ روایت منقول ہے :

''اتّقوا فراسة المؤمن ، فإنّه ينظر بنور الله'' (9)

حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

'' اتّق دعوة المظلوم فإنّها ليس بينها و بين الله حجاب'' (10)

حضرت عدی بن حاتم ؓ سے مروی ہے:

'' اتّقوا النّار و لو بشقّ تمرة ، فإن لم تجدوا فبكلمة طيّبةٍ''(11)

حضور نبی کریم ﷺ سے لوگوں میں سے افضل شخص کی خصوصیت دریافت کی گئی تو آپ ﷺ نے فرمایا:

'' كلّ مخموم القلب ، صدوق اللّسان'' ، قالوا : صدوق اللّسان نعرفه. فما مخموم القلب؟ قال: ''هو التّقيّ، النّقيّ لا إثم فيه و لا بغي و لا غلّ و لا حسد''(12)

حضرت ابوھریرہؓ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے کسی شخص کو ارشاد فرمایا:

'' أوصيک بتقوَی الله ''(13)

حضرت ابوذر غفاریؓ کو نصیحت فرمائی:

'' أوصيک بتقوَی الله، فإنّهُ رأس الأمر كلّه ''(14)

رسولِ کریم ﷺ کے اس ارشادِ گرامی کے مطابق تقویٰ رأس الأمر یعنی تمام معاملاتِ حیات کی روحِ رواں اور جان ہے ۔ یہ ہر شعبۂ حیات اور اس کی متعلقہ سرگرمیوں کو زینت اور رونق بخشتا ہے۔ یہ کسی خاص مظہر تک محدود نہیں بلکہ ایک حکمتِ عملی کے روپ میں پوری زندگی پر محیط ہے۔ معرفت و خشیتِ الٰہیہ، خوفِ آخرت اور اُوامرِ الٰہیہ کا سچا احترام، ظاہر و باطن کی یک رنگی کا نام تقویٰ ہے ۔ اِن احادیثِ مبارکہ میں ان اُمور اور معاملات کی نشاندہی فرمائی گئی ہے جن کے پسِ پشت تقویٰ ایک قوتِ محرکہ کے طور پر کام کرتا ہے۔ اسے دخولِ جنت کا باعث قرار دیا گیا ۔ قرآنِ حکیم میں بھی اہلِ تقویٰ کی پہچان بیان فرمائی گئی ہے،

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

﴿ والّذی جآء بالصّدق و صدّق به أولٰئک هم المتّقون ﴾(15)

وہ لوگ جو تمام شعبہ ہائے حیات میں صداقتوں کے اَمین بن کر سامنے آئے اور صداقت و راستبازی سے ذرّہ برابر بھی تجاوز نہ کیا تو وہ متقی کہلائے۔ یعنی فرد کی ذات سے معاملہ کی ابتداء ہے اور درحقیقت فرد کی باطنی کیفیات اور قلبی اِحساسات کے تناظر میں خشیت ِالٰہیہ سے وجود پذیر ہونے والی خوبی کا نام تقویٰ ہے ۔ قرآنِ پاک میں اس وصف ِحسنہ کو انتہائی پسندیدہ اُوصاف میں شامل کیا گیا ہے جن کی اللہ تعالیٰ کے ساتھ نسبت موجود ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ تقویٰ والوں کا ساتھ دیتا ہے ۔(16) اھل التقوی ہی اللہ کے ولی ہوتے ہیں۔(17) اور وہ اُن سے محبت کرتا ہے ۔ (18) اُخروی نعمتوں پر اہل تقویٰ کا استحقاق بیان فرمایا گیا: ﴿إنّ للمتّقین عند ربّهم جنّت النّعیم﴾(19)اہلِ تقویٰ کیلئے جنت اور اس کی نعمتوں کے علاوہ جنت کے چشموں، نہروں اور بہترین ٹھکانہ کی نشاندہی بھی فرمائی گئی ۔(20) تمام نعمتیں اور انعامات کی سزاواری اسی لیے ہے کہ حیاۃ الدُ نیا میں انہوں نے بہت محنت کی اور اپنے لیے اعمال کا وہ نمونہ محفوظ فرمایا جو کہ صرف تقویٰ کی بنیاد پر ہی استوار ہوسکتا ہے ۔

﴿ و من یعظّم شعآئر الله فإ نّها من تقوی القلوب﴾(21)

مذکورہ بالا آیاتِ کریمہ کے مفہوم سے اندازہ ہوتا ہے کہ تقویٰ کی لذت آشنائی درحقیقت قرب ومحبت اور اطاعتِ الٰہیہ کے رشتوں کو استوار کرتی ہے۔ یہ خصوصیت انسان کے اَعمال میں لطافت اور معنویت پیدا کرتی ہے۔ انسان فکر ونظر کے ایسے اُسلوب سے بہرہ مند ہوجاتا ہے جو اس کے سیرت و کردار کے گوشوں کو منوّر و تاباں کردیتا ہے۔ ترغیبات اور ترہیبات میں اس کیلئے سِپر ثابت ہوتا ہے۔ انسان کو اس کی محدود ، فانی اور اُتھلی سطح سے اٹھا کر عشقِ الٰہی

کے اس اُفقِ بلند کی طرف ترفع دیتا ہے جو لامحدود وسعتوں کو اپنے دامن میں سمیٹے ہوئے ہے۔ محض اِثم وعدوان اورفسق و فجور سے مجتنب رہنا اس کا مطمحِ نظرنہیں ہوتا۔ بلکہ تقویٰ کی اتّصاف پذیری کا ہدف یہ بن جاتا ہے کہ وہ ایسا کون سا اَنداز اپنائے جس کے نتیجہ میں اللہ کی محبت کی نعمت کا سزاوارٹھہرے۔ گویا تقویٰ نہ صرف محرک، سرچشمہ،عمل اور کردار کی اُساس اور اس کی روح و جان ہے بلکہ فرد کیلئے تہذیبی عمل کا عنوان بھی ہے ۔ حبِ الٰہی کی سرشاری کے نتیجے میں تزکیہ کے جس عمل سے گزرتا ہے وہ اس کے فوائد سے دوسروں کوبھی مستفید کرتا ہے۔(22)

شرف وتکریمِ انسانیت کی ذمہ داریوں کے حوالے سے تقویٰ کوفضیلت و برتری کی اُساس قرار دیا گیا۔ یہ جذبہ و احساس جب تقویت پکڑ لیتا ہے تو عمرانیاتی ہیئت کے استحکام میں بھی بہت اہم کردار ادا کرتا ہے۔ باہم انسانوں کے مابین فضیلت اور برتری کو مادی اسباب و علائق- رنگ ،نسل ، زبان ، علاقہ وغیرہ کے ساتھ لازم نہیں کیا۔ بلکہ متقی ، پرہیز گار اورخشیت ِالٰہی کا جذبہ رکھنے والوں کو ہی معاشرہ میں قابلِ تکریم قرار دیا گیا۔ تقویٰ کو جب ہم خشیتِ الٰہیہ کے مفہوم ومعنی میں مراد لیتے ہیں تو یہ ایک ایسی حقیقت کے طور پر سامنے آتی ہے جوصرف بنی نوعِ انسان کی شرف وتکریم کی ذمہ داریوں کے تناظر میں ہی اہمیت نہیں رکھتی بلکہ اس حقیقت کا ادراک ہوتا ہے کہ کائنات کی تمام مخلوقات اپنی تخلیقی نوعیّتوں اور تقاضوں کے مطابق وحدہ لاشریک خالقِ کائنات اور ربّ کے حضور خشیت کے تقاضوں کوملحوظ رکھنے کی پابندی سے متصف ہیں۔ امین احسن اصلاحی نے حقیقتِ تقویٰ کے حوالے سے مفید بحث کی ہے ۔ وہ رقمطراز ہیں کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے جومخلوقات تخلیق کی ہیں، ان میں دوطرح کی قوتیں ودیعت کی ہیں:

i. اپنی مخفی قابلیتوں اور اُوصاف کو بروئے کار لانے کی قوت جس کا تقاضا عمل ہے اور اس

کا نتیجہ ہر مخلوق کا اپنی اس غایت تک پہنچنا ہے جس کیلئے وہ تخلیق ہوئی ہے۔ یہ قوت ودیعت شدہ اَوصاف کوتحریک دیتی ہے اور پروان چڑھاتی ہے۔

ii. اپنی حفاظت کی قوت جس کا تقاضا اِحتراز و احجام ہے اور اس کا نتیجہ، ان خطرات سے محفوظ رہنا ہے جو اس کو اس کی غایت تک پہنچنے سے پہلے تباہ و برباد کرسکتے ہیں۔ یہ قوت خطرات اور آفات سے حفاظت کا ذریعہ بنتی ہے۔(23)

خشیتِ الٰہیہ پر مبنی ان کیفیتوں کا مشاہدہ کائنات کی ہر مخلوق میں کیا جاسکتا ہے۔ ان کے افعال و اثرات تقریباً ایک سے ہیں۔ اگر عالمِ افلاک کے نظام پر غور کیا جائے تو اندازہ ہوتا ہے کہ تمام مظاہر قدرت اپنے طبعی وظائف کی تکمیل تو کرتے ہیں مگر مقرر کردہ حدود کو پھلانگ نہیں سکتے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿ والشمس تجری لمستقرلها ط ذلک تقدیر العزیز العلیمo والقمر قدرنه منازل حتی عاد کالعرجون القدیمo لاالشمس ینبغی لها أن تدرک القمر و لا اللیل سابق النهار ط و کل فی فلک یسبحون ﴾(24)

﴿مرج البحرین o یلتقیان بینهما برزخ لا یبغیٰن﴾(25)

یعنی نہ تو کوئی مخلوق بے راہ ہونے پاتی ہے اور نہ دراندازی کرکے دوسروں کا یا اپنا کام خراب کرتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کی قائم کردہ حدود کی نہ صرف پابندی کرتی ہے بلکہ کسی حال میں بھی ان سے تجاوز کی جرأت نہیں کرتی۔ چنانچہ انسان کیلئے بھی یہ لمحہ فکریہ سامنے آتا ہے کہ وہ اپنے ارادہ اور اختیار کی صفات کو پایہ تکمیل تک پہنچاتے ہوئے اللہ کی مقرر کردہ حدود کا پابند رہے۔ اور ان سے متجاوز ہوتے ہوئے اپنی بربادی کا سامان نہ کرے۔ جس سے اس کی شرف وتکریم داغدار ہوجائے اور اسے خسرانِ مبین کا سامنا کرنا پڑے۔ امین احسن اصلاحی کے خیال کے مطابق اسی طرح حیوانات میں بھی خشیتِ الٰہیہ کی کیفیت موجود ہے۔ اختیار و ارادہ سے

محروم ہونے کی بناء پر وہ جبلّی تقویٰ سے متصف ہیں۔نوعِ حیوانات کی صفات اپنے درجہِ کمال تک پہنچنے کیلئے جس طرح کی حرکت وسکون اور جدو جہد کی متقاضی ہوتی ہیں وہ مخلوقات ان حدود سے سرِ مُو انحراف نہیں کرتیں۔ ان کی سرشت میں ودیعت کردہ طبعی میلانات کی تکمیل ، قانونِ الٰہی کے ضوابط کے مطابق ہوتی ہے جس سے ان کی ذرہ برابر سرتابی کی جرات ثابت نہیں ہوتی۔ اس اُمر میں بھی نوع انسان کیلئے اپنی فضیلت وتکریم کے تحفظ کیلئے رہنمائی مضمر ہے۔ (25)

اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے :

﴿ سبح اسم ربّک الاعلیٰ o الّذی خلق فسوّٰی o والّذی قدّر فھدٰی ﴾(27)

اس کی وضاحت میں امام البیضاوی فرماتے ہیں :

﴿ سبح اسم ربک الأعلیٰ ﴾ نزہ اسمه عن الإلحاد فيه بالتأ ويلات الزائغة وإطلاقه على غيره زاعما انهما فيه سواء و ذكره الا علی علیٰ وجه التعظیم...... ﴿ الّذی خلق فسوّی ﴾ خلق کل شیی فسوّٰی خلقه بأن جعل له ما به یتأتی کماله و یتم معاشه ﴿ والّذی قدّر ﴾أي قدر اجنا س الأ شياء و أنواعها و أشخاصها و مقاديرها و صفاتها و أفعالها وآجالها. ﴿فھدٰی﴾ فوجهه إلى أفعاله طبعاً و اختياراً بخلق الميول و الإلهامات و نصب الدلائل و انزال الآيات.(28)

اللہ تعالیٰ اپنی ذات سے اِلحاد کے رویہ کو جومختلف تاویلا ت وتوجیہات کے ساتھ اختیار کیا جاتا ہے منزّ ہ ثابت کرتے ہیں اور اس زعم کو ردّ کرتے ہیں کہ کوئی دوسری ذات اس کے برابر اور قابلِ تعظیم ہے۔ یہ بھی واضح ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہی تخلیق کے عمل کو جاری کیا

اور پھر اس کا 'تسویہ' کیا ،یعنی ایسے اَسباب بنا دیے جن سے وہ اپنے کمال اور اپنی معاش کو پایۂ اتمام تک پہنچا سکے۔ اس کے علاوہ ربِّ کریم نے تمام اشیاء کی جنس اور انواع وشخصیات اور ان کے بارے میں اندازے (مقادیر...... ہر چیز کی انتہا) اور ان کی صفات اور ان کے افعال اور ان کے خاتمہ یعنی انجام (آجال) کو معیّن کیا ، رغبت کے میلانات اور فطری اِلہامات کی تخلیق کرتے ہوئے اس کی طبعی اور اِختیاری افعال کی طرف توجہ مبذول کروائی۔ دلائل پختہ کیے اور آیات (نشانیاں) نازل فرمائیں...... گویا تمام مخلوقات جن میں انسان بھی اَشرف المخلوقات کی حیثیت سے شامل ہے کی تخلیق، ان کی ربوبیت اور آغاز وانجام کی بحث کو انتہائی حسین الفاظ میں بیان فرمایا گیا۔

ڈاکٹر وھبۃ الزحیلی بھی آیاتِ کریمہ مذکورہ کی وضاحت کرتے ہوئے رقمطراز ہیں کہ اللہ جلّ شانہٗ ، اپنی تقدیس اور عظمت کو ہر طرح کے نقائص سے منزّہ قرار دیتے ہیں اور اسم 'ربّ' کی نسبت اپنی ذات سے کرتے ہوئے اپنے مطلق اور سب سے اعلیٰ واعظم ہونے کی صفت بیان کرتے ہیں۔ ربِّ عالیٰ کے اَوصاف میں ہے کہ اس نے جمیع کائنات تخلیق فرمائی اور اسی میں انسان بھی ہے اور ہر مخلوق کو اُحسن ہیئت اور متناسب اَجزاء کے ساتھ سیدھا ہموار کیا۔ اس کی قامت کو باعتدال بنایا اور اس کے اَجزاء میں توازن وتناسب قائم کیا۔ اس کو مرتب ومحکم صورت دی جس میں کوئی تفاوت اور اِضطراب باقی نہ رہا جیسا کہ قولِ باری تعالیٰ ﴿ فسوّی ﴾ سے پتہ چلتا ہے کہ اس نے سیدھا ہموارا ورمضبوط کیا ، وہی ذات جلّ شانہٗ ہے جس نے ہر مخلوق کیلئے اپنی خاص قدرت سے وہ اُمور مقرر کیے جو اس کیلئے بہتر تھے۔ پس اس کی رہنمائی فرمائی اور اشیاء کے انتفاع کے اسباب کی معرفت عطا کی جیسا کہ قول مبارک ﴿ قدّر ﴾ بمعنی : التقدیر والموازنۃ بین الاشیاء ...... وہی ذات بابرکت ہے جس نے سبز گھاس اگائی اِ ،جس کو

مویشی کھاتے ہیں ، نباتات اور کھیتیاں اگائیں جن کو انسان کھاتے ہیں۔ اور پھر یہ شاداب کھیتیاں اور کھلیان اپنی سرسبزی کے بعد سوکھے سیاہ اور گل سڑ جاتے ہیں۔ (29)

مسخر اجسام سماوی اور دیگر مخلوقات کے بالمقابل نوعِ انساں ذی اختیار او ر صاحبِ شرف وتکریم مخلوق ہے۔ اسی نسبت سے اس کیلئے خشیتِ الٰہیہ، پرہیز گاری اور تقویٰ کی کیفیت کے متقضیات کی نوعیت اور اہمیت بھی دو چند ہوجاتی ہے۔ قولِ باری تعالیٰ ﴿ إنا هديناه السّبيل إمّا شاكرا وّ إمّاكفورا﴾ (30)، ﴿وهدينا ه النّجدين ﴾ (31) کے مطابق اللہ عزّ وجلّ نے انسان کیلئے خیر وشر کے راستے واضح کردیے اور اس کو دونوں میں پہچان کرنے کی خصوصیت سے نوازدیا۔ وہ ناشکر گزار منحرف بن جائے یا شکر گزار صاحبِ ایمان---اس میں اس کی آزمائش مقصود ہے۔ سورہ الدھر میں تخلیقِ انسانی کے متعلق پرحکمت اُسلوب اختیار کرتے ہوئے واضح کیا گیا ہے کہ تخلیقِ کائنات کے مراحل میں ایسا دور بھی گزرا جب جنات اور ملائکۃ کی مخلوقات موجود تھیں اور انسان کی تخلیق سے قبل دور کی نشاندہی کرتے ہوئے فرمایا گیا کہ وہ معدوم اور غیر موجود وغیر مذکور تھا۔ پھر تخلیقِ آدمؑ کا مرحلہ گزرا اور اس کے بعد نوعِ انسانی کی کثر ت وجود میں آئی۔ اس نوعِ بشری کیلئے خیر وشر اور ہدایت وگمراہی کی وضاحت کردی گئی نیز شرعی حدود وضوابط کا مکلّف بنایا گیا۔ صاحبِ اختیار اور اِرادہ کی حیثیت سے جوابدہی کا پابند ٹھہرایا گیا اِختیار اور ارادہ کی آزادی کو صحیح استعمال کرتے ہوئے انسان اگر راہِ حق و ہدایت کو منتخب کرے گا اور اِطاعت و اخلاص کا راستہ اپنائے گا تو یہ خشیتِ الٰہیہ یعنی تقویٰ کی خصوصیت کا اثبات کرے گا، بصورتِ دیگر کفران اور ناشکرگزاری کی صورت میں یہ اِعراض و روگردانی کا موجب ہوگا، جو تقویٰ کے برخلاف طرزِ عمل ہے۔

اللہ تعالیٰ نے اس نوعِ بشری کو عقل ، محاسنِ خیر اور مفاسدِ شر کا ادراک کرنے والی

فطرت عطا کی ہے جو طریقِ نجات کی طرف انسان کی رہنمائی کی صلاحیت سے مالا مال ہے۔ اس کے باوجود خیر و شر میں صحیح تمیز نہ کرنا گویا شیطانی وسوسوں اور خواہشاتِ نفسانی کا شکار ہونا ہے ۔ یہ اُمر تقویٰ کے برعکس ہے اور اللہ تبارک وتعالیٰ کو سخت ناپسند ہے۔ یہ وہ حسّاس مقام ہے جو انسان کے اپنے طرزِ عمل کی بناپر اس کے شرف وتکریم کے اِعزاز کو بھی کمزور کردیتا ہے۔ تقویٰ وہ کیفیت ہے جو انسان کی فوز وفلاح کا باعث بنتی ہے(32) اور اس کی عقلمندی (33)اور شکر گزاری(34) کا ثبوت ہے ۔ پروردگارِ حقیقی کی رحمت کا سزاوار بھی انسان اِسی صورت میں ہوتا ہے ۔ (35)

عمرانیاتی زندگی کے آدابِ معاشرت اور نظمِ اجتماعی کے حوالے سے بھی تخلیقِ مرد و زن اور شعوب وقبائل کی وضاحت فرماتے ہوئے اللہ تعالیٰ نے اسلامی معاشرے میں متقی ترین کو ہی اُکرم ترین کے زمرے میں شمار فرمایا ہے(36) اور اللہ تعالیٰ کو اہلِ تقویٰ کا دوست قرار دیا ،(38) جواُن سے محبت رکھتا ہے اور یہ کہ تقویٰ رحمت الٰہیہ کا موجب بنتا ہے۔ (38)

تقویٰ انسان کی باطنی اور قلبی کیفیت کا نام ہے جو ایک مسلمان کو اعمالِ خیر کی ترغیب اور اعمالِ بد کی ترہیب کرتی ہے اسی لیے اِثم و عدوان سے عدم تعاون اور برّ وتقویٰ کے معاملات میں باہمی تعاون کو فروغ دینے کو مؤکّد ٹھہرایا(40) تاکہ عمرانی زندگی میں خیر و صلاح کی فضا پروان چڑھے اور اثم و عدوان اپنے تمام محرکات سمیت بے اثر ہوجائے۔ عباداتِ دینی کا مقصد بھی تقویٰ کی ہی تربیت کے مختلف مدارج کو تقویت دینا ہے۔ (41)اِستقامت اور عزیمت تقوی کو مستحکم کرنے کا باعث بنتی ہے اور ایسے صاحبِ اِستقامت جن کا مقصود اطاعت اللہ اور اطاعت الرسول ہوتا ہے جو تکبر اور فساد پسند نہیں کرتے ،انہی کے حصے میں عاقبت کی کامیابی ہوتی ہے ۔(42)اللہ تعالیٰ نے حلال وحرام حدود کے اِلتزام کو بھی تقویٰ کے ساتھ

شامل کیا ۔(43) اس خصوصیت کو نہ صرف دوگنا رحمتِ الٰہیہ کی نعمت بلکہ اس نورِ الٰہیہ کے اِکتساب کی بنیاد قرار دیا جو اعمالِ صالحہ کے تناظر میں مغفرت کا باعث بنتا ہے۔(44) اسی لیے مومنین کوتقویٰ کا صحیح حق ادا کرنے کی تلقین فرمائی اور حالتِ اسلام میں ہی داعیِ اَجل کو لبیک کہنے پر اصرار کیا (45)اورحیاتِ دنیوی میں عمرانی زندگی گزارتے ہوئے یہ بنیادی قاعدہ کلیہ سکھا دیا کہ اللہ اور اس کے رسول سے پیش قدمی کی سرتابی کی مجال نہ ہو (46) کیونکہ تکوینی قوانین کے ساتھ انسان کو اپنی شرف وتکریم کے تناظر میں مطابقت اور ہم آہنگی پیدا کرنی چاہیے جو اس متکبرانہ روش کی بناء پر قائم نہیں ہوسکتی ۔

محوّلہ بالا آیاتِ کریمہ کے مفہوم سے پتہ چلتا ہے کہ تقویٰ کا شعار اختیار کرنا انسان کی نشوونرقی کے لوازمات کومتحرک کرتا ہے اور انسان کو صاحبِ ایمان کی حیثیت سے راہِ حیات پر سفر کرتے ہوئے تمام خطرات اور آزمائشوں سے بچانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے ۔ حیاتِ انسانی کے مقصدِ حقیقی کو اس کے سامنے واضح اور اس تک رسائی کو سہل بناتا ہے۔ اس کی روحانی ترقی کے ساتھ ساتھ مادی ترقی کے لوازمات کو بھی اس کیلئے فائدہ بخش بنادیتا ہے۔ یہ فطرتِ سلیمہ کے تقاضوں کو مدنظر رکھنے کا ہی نام ہے ۔ تاکہ اطاعت گزار بندہ کی حیثیت سے ان اُوامر واُحکامِ الٰہی پر عمل پیرا ہو جو عنداللہ مطلوب ومقصود ہیں اور ناپسندیدہ اُمور سے مجتنب رہ کر اپنے لیے نجات حاصل کرلے۔ حقیقی فوز وفلاح اور اخروی دارُالباقی کی نعمتوں کا صحیح حقدار بن جائے۔ حضور نبیِ کریم ﷺ نے بھی قرآنی تعلیمات کی اصل رُوح کے مطابق تقویٰ کو جزوحیات بنانے کی تاکید وتربیت فرمائی۔ اللہ تعالیٰ کی بیان کردہ حدود کے اِلتزام کوتقویٰ قرار دیا جونفس کی تمام خواہشات ومقتضیات کو دینِ حق کے تابع بنا دیتا ہے اور انسان صراطِ مستقیم پر گامزن ہوتے ہوئے گمراہی اور غضب کے تمام منفی عوامل کی پیروی سے بچ جاتا ہے۔

رسولِ کریم ﷺ کا ارشاد مبارک ہے۔

'' إن الحلال بيّن و إن الحرام بيّن و بينهما مشتبهات لا يعلمهن كثير من الناس فمن اتقى الشبهات إستبرأ لدينه و عرضه و من وقع فى الشبهات و قع فى الحرام كالرّاعى يرعى حول الحمى يوشک أن يرتع فيه، ألا ! وإن لكل ملک حمى، ألا وإنّ حمى الله محارمه،'' ، ''ألا و ان فى الجسد مضغة ، إذا صلحت، صلح الجسد كلّه و إذا فسدت ، فسد الجسد كلّه، ألا وهى القلب''(47)

رسولِ کریم ﷺ نے یہ حقیقت اُمت کو ذہن نشین کرائی کہ واضح اور ظاہر حلال وحرام کے مابین جو اُمور متشابہہ ہوں تو قلبی طمانیت کے حصول کیلئے ان سے اِحتراز اور احتیاط کا پہلو روا رکھنا تقویٰ پر عمل کے مترادف ہے۔ کیونکہ خشیتِ الٰہیہ کی بناء پر اللہ تعالیٰ کے بیان کردہ اُوامر ونواہی کوملحوظ رکھنا اور متشابہات سے مجتنب رہنا قلبی اطمینان کوتقویت دیتا ہے۔ 'بِرّ اور اثم' کے متعلق حضرت وابصۃ بن معبد کے استفسار پر آپ ﷺ نے فرمایا:

''يا وابصة، ''استفت قلبک و استفت نفسک– ثلاث مرات– ألبرما اطمأ نت إليه النفس، والإثم ماحاک في النفس و تردّد في الصّدر و إن أفتاک الناس و أفتوک''(48)

گویا نفس انسانی میں سکون وطمانیت نیکی کی دلیل ہے اور سینہ میں تردّد اور کھٹک اُس اُمر کے گناہ ہونے پر دالّ ہے۔ خواہ لوگ اس کے حق میں ہی فیصلہ دے دیں۔ مگر اس کے باجود بدی کی ماہیتِ قلب ممکن نہیں ہوتی۔ حضرت امام حسنؓ بن علیؓ سے حضور ﷺ کا یہ مبارک قول منقول ہے:

''دع ما یر یبک إلى مالا يريبک فإن الصدق طمانينة ،و إن

الکذب *ریبة''(49)

اس فرمانِ نبویﷺ کی روشنی میں قلبِ انسانی میں کھٹک اور اندیشہ پیدا کرنے والے اُمور جن سے طبیعت میں طمانیت اور سکون پیدا نہ ہو وہ نیکی کے زمرے میں شامل نہیں کیے جاسکتے۔ لامحالہ بے سکونی اور تردّد، اِثم وعدوان کی ہی ظاہری علامت اور نشان سمجھا جائیگا۔ جو شیطانی محرّکات میں شمار ہوگا۔ جبکہ خالص ایمان کا تقاضا یہ ہے کہ رضائے الٰہی حیاتِ مومن کا مطلوب ومقصود ہو، وہ نفس کی ترغیبات کے باوجود اِبلیسی و شیطانی وسوسوں اور ہتھکنڈوں سے مجتنب رہے۔ مشتبہ اُمور کے ساتھ ساتھ صدق اور کذب کے تمام تر پہلوؤں کو سامنے رکھتے ہوئے محتاط انداز میں اپنے اختیار کو روبہ عمل لائے اور معصیت کے خطرات اور اندیشوں سے اپنے آپ کو بچانے کیلئے وہی عمل اختیار کرے جس میں کوئی حرج نہ ہو۔ کیونکہ ایمان کے درجہ کامل کو پانے کیلئے یہ بہت لازمی ہوجاتا ہے۔ رسولِ کریمﷺ کا ارشاد ہے:

'' لا یبلغ العبد أن یکون من المتّقین حتی یدع ما لا بأس حذ را لما به بأس''(50)

تقویٰ کا حصول جو حیاتِ مؤمن کا مقصود ہے اس کے بیان میں حضور نبی کریمﷺ نے متوازن، ہم آہنگ اور بااعتدال زندگی کے تعاملات پر زور دیتے ہوئے حضرت عبداللہؓ بن عمرو بن العاص سے فرمایا:

'' یا عبداللہ أ لم أخبر أنک تصوم النہار ، و تقوم اللیل؟'' فقلت : بلی یا رسول اللہ ، قال:'' فلاتفعل ، صم و أفطر و قم ونم، فإن لجسدک علیک حقا، و إن لعینک علیک حقا و إن لزوجک علیک حقا و إن لزورک علیک حقا ......''(51)

امام ابن خزیمة نے یہ روایت بیان فرمائی ہے:

’’ أ لم أخبر أنک تصوم ولا تفطر ، وتصلی اللیل؟ فلاتفعل ، فإن لعینیک حظاً، و لنفسک حظاً، ولأ ھلک حظاً، فصم، و أفطر و صل ، و نم و صم کل عشرۃ أیام یوما ، و لک أجرتسعۃ‘‘(52)

گذشتہ امتوں میں موجود طریق رہبانیت کو بھی ناپسندیدہ جانا اور اپنی طاقت سے زیادہ بوجھ نفس پر ڈالنے اور مشقت اختیار کرنے سے روکا۔ آپ ﷺ سے حضرت انسؓ روایت فرماتے ہیں:

’’لا تشدّدوا علی أ نفسکم فیشدّد علیکم فإنّ قوما شدّدوا علی أنفسھم فشدّد اللہ علیھم، فتلک
بقایاھم في الصّوامع و الدّیار رھبانیّۃ إبتدعوھا ماکتبنا ھا علیھم‘‘(53)

تقویٰ جو تکریم و شرف انسانیت کو مہمیز دینے کا باعث بن سکتا ہے پر عمل کے سلسلے میں اِعتدال کا ہی تقاضا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کے لیے زندگی میں جو سہولتیں اور رخصتیں قائم فرمائی ہیں ان سے اِستفادہ کیا جائے۔ مشقت میں پڑنا اور مباحات سے فائدہ نہ اٹھانا۔ تکمیل تقویٰ نہیں ہے۔

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے:

’’ صنع النبیﷺ شیئاً فرخّص فیہ، فتنزہ عنہ قوم ، فبلغ ذلک النبیﷺ فخطب فحمد اللہ،ثم قال: مابال أقوام یتنزھون عن الشیءِ أصنعہ؟ فواللہ إنی لأ علمھم باللہ و أشدھم لہ خشیۃً‘‘(54)

گویا عبادات کا اِلتزام تقویٰ کی تقویت کا باعث تو ضرور ہے مگر اس کے مقابلے میں دیگر شرعی احکامات ولوازمات پر عمل کی اہمیت کو کم تر مقام نہیں دیا اور اس حدیثِ مذکور میں اسی

اُمر کی نشاندہی کی گئی ہے تاکہ عمرانیاتی تقاضوں کی تکمیل میں شریعت ایک موثر کردار ادا کرنے کے قابل ہو۔رسول کریم ﷺ نے پیغامِ الٰہی کو انتہائی واضح اور بلیغ اَنداز میں اپنے مخاطبین تک پہنچایا اور ان میں خشیتِ الٰہیہ کا جذبہ پیدا کرنے کی کوشش کی ۔ زندگی کی فلاح ونجاح اور اس کے مہلکات پرصراحت سے گفتگو فرمائی ۔آپ ﷺ کا ارشاد مبارک ہے :

" ثلاث مهلكات و ثلاث منجيات، فأما المهلكات: فشح مطاع، و هوى متبع ، و إعجاب المرء بنفسه، و الثلاث المنجيات: تقوى الله في السر والعلانية و كلمة الحق في الرضا و السخط و اقتضاء في الغنٰى والفقر"(55)

اس پہلو کی نشاندہی حضرت ابوھریرۃ ؓ سے مروی اس حدیثِ مبارکہ میں بھی ہوتی ہے ۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

" من يأخذ عنّى هٰؤلاء الكلمٰت فيعمل بهنّ أو يعلّم من يعمل بهنّ" ، فقال ابوهريرة : قلت أنا يا رسول الله ! فأخذ بيدى فعدّ خمساً و قال : " إتق المحارم تكن أعبد الناس" (56)

حضرت ابوھریرۃ ؓ سے ہی روایت ہے :

"لا تحاسدوا ، ولا تناجشوا، و لا تباغضوا، ولا تدابروا، ولا يبع بعضكم على بيع بعضٍ ، وكونوا عباد الله! إخواناً، المسلم اخوا المسلم، لا يظلمه ، ولا يخذله ، ولا يحقره، التقوىٰ هٰهنا (ويشير الى صدره ثلاث مرّات) بحسب امرى ءٍ من الشر أن يحقر أخاه المسلم، كل المسلم على المسلم حرام دمه و ماله و عرضه"(57)

یعنی مسلمان مسلمان کا بھائی ہے، نہ اس پرظلم کرتا ہے نہ اس کو چھوڑتا ہے، نہ اس کی تحقیر کرتا ہے۔تقویٰ یہاں ہے (اور آپ ﷺ نے تین مرتبہ سینے کی طرف اشارہ فرمایا) برائی

میں سے اتنا ہی کافی ہے کہ وہ اپنے مسلمان بھائی کی تحقیر کرے۔ ہر مسلمان کا دوسرے مسلمان پر حرام ہے اس کا خون، اس کا مال اور اس کی آبرو۔

گویا حدیثِ مبارکہ مذکورہ میں ان تعاملات کی طرف توجہ دلائی گئی جو تقویٰ کی خصوصیت کے تقاضے ہیں اور جن کو ملحوظ رکھنے سے عمرانیاتی اِعتبار سے نہ صرف تعلقات میں جمال و اِستحکام پیدا ہوتا ہے بلکہ شرو عدوان کے راستے بند ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے اُوامر و نواہی اور حدود و قیود کو مدِّ نظر رکھنے سے حیات عمرانی کی معنویّت میں اضافہ ہوتا ہے۔ شرف و تکریمِ انسانیت اور اس ناطہ سے انسان کے ذمہ واجبُ الادا فرائض کی اہمیت کا اندازہ ہوجاتا ہے کہ حقیقی فوز و فلاح کے ساتھ وہسب اُمور کس طرح باہمدگر پیوست اور جڑے ہوئے ہیں۔

☆☆☆

حواشی

1 الانفال 8 : 29

2 ال عمران 3 : 28

3 الانفال 8 : 25

4 حقیقت دین ، ص:320

5 صدیقی، حیدر زمان، اسلامی نظریه اجتماع، ص:55

6 ندوی، سلیمان ، سید، سیرة النبی ﷺ [لاهور: نیشنل بك فاؤنڈیشن، اشاعت سوم ، 1983ء] 348/5

7 ت ، ابوا ب الصلوة، با ب ماذکر فی فضل الصلوة، رقم الحدیث:616 ،ص:158 ؛ وقوله تعالیٰ: ﴿أم نجعل المتقین کالفجار﴾ ص 38 : 28

8 م ، کتاب البرو ا لصلة، باب تحریم ظلم المسلم، رقم الحدیث:6541، ص:1124

9 ت، ابواب تفسیر القرآن، باب و من سورة الحجر، رقم الحدیث:3127، ص:706، [قال ابویحي]: هذا حدیث غریب لا نعرفه الا من هذا الوجه ، و قد روی عن بعض أهل العلم فی تفسیر هذه الا بة : ﴿ان فی ذلك لآیت للمتوسمین﴾

10 خ ، کتاب المظالم ، باب ا لاتقاء والحذر، رقم الحدیث:2448، ص:395،

11 ن ، کتاب الزکاة، باب القلیل فی الصدقة، رقم الحدیث:2554، ص:353

12 جه ، ایضاً حواله مذکوره ، رقم الحدیث:4216،ص:614

13 جه ، ابواب الجهاد، باب فضل الحرس، رقم الحدیث:2771، ص:400

14 صحیح ابن حبان، کتاب الصلاة، ذکر مایدعو المرء ، رقم الحدیث:2681، ص:485، و رقم الحدیث:2691، ص: 487 ،

15 ا لطلاق 6 : 2 , 3

16ؔ قوله تعالىٰ: ﴿ و اعلموا أن اللّٰه مع المتقين ﴾ البقرة 2 : 194

17ؔ قوله تعالى:﴿ إن أولياء ه إلا المتقون ﴾ الأنفال 8 : 34

18ؔ قوله تعالى: ﴿ فإن اللّٰه يحبّ المتّقين ﴾ ال عمران 3 : 76

19ؔ القلم 68 : 34

20ؔ قوله تعالى: ﴿ إنّ المتّقين في جنٰت و عيون ﴾ الذٰريٰت 51 : 15 ، و قوله تعالى:﴿إنّ المتّقين في جنّٰت وّ نهر﴾ القمر 54 : 54وقوله تعالى:﴿ إنّ المتّقين لحسن ماب ﴾ ص 38 : 49

21ؔ الحج 22 : 32

22ؔ اساسیات اسلام ، ص:2-276

23ؔ اصلاحی ، امین احسن، حقیقت دین [لاهور : انجمن خدام القرآن ، طبع دوم ،1400ه/ 1980ء] ص:314

24ؔ یٰسٓ 36 : 38-40

25ؔ الرحمن 55 : 19-20

26ؔ اصلاحی ، امین احسن، حقیقت دین [لاهور : انجمن خدام القرآن ، طبع دوم ،1400ھ/ 1980ء] ص:315-319ملخصاً

27ؔ الأعلىٰ 87 : 1-3

28ؔ تفسير البيضاوى، 305/5

29ؔ التفسير الوسيط، 2862/3

30ؔ الدهر 76 : 2

31ؔ البلد 90 : 10

32ؔ قوله تعالىٰ:﴿واتّقوا اللّٰه لعلكم تفلحون﴾البقرة 2 : 189

33ؔ قوله تعالىٰ:﴿واتّقون يآولى الألباب﴾البقرة 2 : 197

34ؔ قوله تعالىٰ:﴿فاتّقوا اللّٰه لعلكم تشكرون ﴾ال عمران 3 : 123

35ؔ قوله تعالىٰ:﴿واتّقوااللّٰه لعلكم ترحمون﴾ الحجرات 49 : 10

36ؔ قوله تعالىٰ:﴿يا أ يّها الناس انّا خلقنٰكم من ذكر وّ أنثى و جعلنٰكم شعوبا و قبائل لتعارفوا ط إن أكرمكم عندا للّٰه أتقٰكم ﴾ الحجرات 49 : 13

37 قوله تعالیٰ:﴿والله ولیّ المتّقین﴾الجاثیة 45 : 19

38 قوله تعالیٰ:﴿بلیٰ من أوفیٰ بعهدهِ و اتّقیٰ فإن الله یحب المتّقین﴾ ال عمران 3 : 76

39 قوله تعالیٰ:﴿واتّقوا لعلّکم ترحمون﴾ الأنعام 6 : 55

40 قوله تعالیٰ:﴿وتعاونوا علی البر و التّقویٰ ولا تعاونوا علی الإثم و العدوان﴾ المائده 5 : 2

41 قوله تعالیٰ:﴿یا أیها الّذین آمنوا کُتب علیکم الصّیام کما کُتب علی الّذین من قبلکم لعلّکم تتقون﴾البقرة 2 : 183

42 قوله تعالیٰ:﴿تلك الدّار الآخرة نجعلها للّذین لایریدون علوّا فی الأرض ولا فسادا و العاقبة للمتّقین﴾القصص 28 : 83

43 قوله تعالیٰ:﴿یآ یها ا لّذین آمنوا لا تحرّموا طیّبت ماأحل الله لکم ولا تعتدوا ط ان الله لا یحب المعتدین وکلوا مما رزقکم الله حللاً طیّبا ص و اتّقوا الله الّذی أ نتم به مؤمنون﴾ المائده 5 : 87-88

